Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
جلد 13 — اتوار، 3 جولائی 2022ء، 3 ذوالحجہ 1443ھ، 20ہاڑ 2079 بم، قیمت 20 روپے — شمارہ 79

پاک فضائیہ ملک کیخلاف کسی بھی جارحیت اور مذموم ارادے کا بروقت جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے

پاکستانی مسلح افواج کی جنگی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار

نائب سربراہ پاک فضائیہ ائیر مارشل محمد زاہد محمود کا نور خان آڈیٹوریم میں نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے کورس شرکاء سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) نائب سربراہ پاک فضائیہ ائیر مارشل محمد زاہد محمود نے آج ائیر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد کے نور خان آڈیٹوریم میں نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے کورس شرکاء سے خطاب کیا۔ حاضرین سے خطاب کے دوران نائب سربراہ پاک فضائیہ نے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی میں فراہم کردہ تعلیم و تربیت کے معیار کو سراہا۔ سلامتی کے موجودہ چیلنجز اور تکنیکی جدت پر بات کرتے ہوئے نائب سربراہ پاک فضائیہ نے پاکستانی مسلح افواج کی جنگی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہماری مسلح افواج علاقائی سالمیت اور قومی خودمختاری کے دفاع کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں۔ مہمانِ خصوصی نے کہا کہ پاک فضائیہ ملک کے خلاف کسی بھی جارحیت اور مذموم ارادے کا (بقیہ نمبر 30)

نائب سربراہ پاک فضائیہ ائیر مارشل محمد زاہد محمود نور خان آڈیٹوریم میں نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے کورس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

شیخ رشید — عمران خان کے پوسٹرز اتارنا زیبا بینرز لگائے گئے

مقتدر حلقوں اور ایجنسی کو بتانا چاہتا ہوں یہ لڑائی کرنا چاہتے ہیں، تحقیق کی جائے، سابق وزیر داخلہ کی گفتگو

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے الزام لگایا کہ عمران خان کے پوسٹرز اتار کر نازیبا بینرز لگائے گئے، انتظامیہ اور پولیس ان سے مل چکی ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا کہ ہم (بقیہ نمبر 31)

کورونا سے مزید 4 افراد جاں بحق ہوگئے

کورونا کے مثبت کیسز کی شرح چار فیصد سے زائد ہوگئی۔ قومی ادارہ صحت

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کے مزید چار مریض انتقال کر گئے۔ کورونا کے مثبت کیسز کی شرح چار فیصد سے زائد ہوگئی۔ قومی ادارہ صحت) این آئی ایچ (کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں (بقیہ نمبر 32)

بجلی کا شارٹ فال 7 ہزار 477 میگاواٹ ہوگیا

ملک کے مختلف علاقوں میں 14 گھنٹے تک کی لوڈ شیڈنگ ہونے لگی

اسلام آباد (چیف رپورٹر) ملک میں بجلی کا شارٹ فال 7 ہزار 477 میگاواٹ ہوگیا، ملک کے مختلف علاقوں میں 14 گھنٹے تک کی لوڈ شیڈنگ ہونے لگی۔ پاور ڈویژن کے ذرائع کے مطابق ملک میں بجلی کا شارٹ فال (بقیہ نمبر 33)

لاہور: وزیراعظم شہباز شریف اتفاق ہسپتال میں جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کی عیادت کر رہے ہیں

اب کوئی جتھا اسلام آباد ڈی چوک نہیں آسکتا، وزیر داخلہ

ایک ارب ڈالر کیلئے IMF نے تگنی کا ناچ نچادیا — رانا ثناء اللہ

ہر قیمت پر آئی ایم ایف سے مذاکرات کرنا لازمی تھا، کوشش کی پیٹرول کی قیمتیں نہ بڑھانا پڑیں۔ یہ بھی سوچا کہ قیمتیں بڑھانے کے بجائے الیکشن میں چلے جائیں لیکن الیکشن میں جاتے تو ملک دیوالیہ ہو جاتا

عمران خان کی حکومت نے صرف فرح گوگی اور احسن گجر کی تقدیر بدلی۔ ملک کے لیے کچھ کر سکتے تو چار سالوں میں کر لیتے۔ ایک شخص کے علاوہ سب اکٹھے ہیں، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (اے ایف بی) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ ایک ارب ڈالر کے لئے آئی ایم ایف نے تگنی کا ناچ نچا دیا۔ ایک ارب ڈالر کے لئے آئی ایم ایف نے تگنی کا ناچ نچادیا۔ ہر قیمت پر آئی ایم ایف سے مذاکرات کرنا لازمی تھا۔ آئی ایم ایف سے غلط معاہدہ کیا گیا جو خامیوں سے بھرپور تھا اور شرائط بھی صحیح نہیں تھیں۔ کوشش کی پیٹرول کی قیمتیں نہ بڑھانا پڑیں۔ یہ بھی سوچا کہ قیمتیں بڑھانے کے بجائے الیکشن میں چلے جائیں (بقیہ نمبر 40)

میں بنیادی طور پر جنگوں کا مخالف شخص ہوں، عمران خان

اسٹیبلشمنٹ نے درست فیصلے نہ کیے تو فوج تباہ ہو جائیگی، سابق وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ روس یوکرین کی صورتحال میں میری ذمہ داری اپنے لوگوں کے مفاد کا خیال رکھنا تھا، مستقبل میں روس سے تیل، گیس اور گندم لینا چاہتے تھے۔ نجی ٹی وی کے مطابق جرمنی کے نشریاتی ادارے ڈی ڈبلیو کو انٹرویو دیتے ہوئے سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ میں بنیادی طور (بقیہ نمبر 47)

وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت پارٹی کی سینئر قیادت کا اجلاس

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت پارٹی کی سینئر قیادت کا پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں اجلاس ہوا جس میں ضمنی انتخابات کے حوالے سے حکمت عملی بارے (بقیہ نمبر 52)

تینوں بڑی جماعتیں سودی نظام کی محافظ ہیں، سراج الحق

کہ ملک کے پولنگ اسٹیشن ہی نہیں، جمہوریت بھی یرغمال ہے۔ انتخابی اصلاحات پہلے دن سے ہمارا مطالبہ ہے

پاکستان کا معاشی نظام اب اللہ اور اس کے رسولﷺ کے ساتھ مزید جنگ کر کے آگے نہیں بڑھ سکتا

لاہور (بیورو چیف) امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ ملک کے پولنگ اسٹیشن ہی نہیں، جمہوریت بھی یرغمال ہے۔ انتخابی اصلاحات پہلے دن سے ہمارا مطالبہ ہے۔ گرین ٹاؤن لاہور میں ترازو کنونشن کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے سراج الحق کا کہنا تھا کہ ملک کی تینوں بڑی جماعتیں سودی نظام کی محافظ ہیں، پاکستان کا معاشی نظام اب اللہ اور اس کے رسولﷺ کے ساتھ مزید جنگ (بقیہ نمبر 34)

لاہور: وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر ریلویز و ہوابازی خواجہ سعد رفیق ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم کی احتساب عدالت میں مستقل حاضری معافی کا حکم نامہ جاری

احتساب عدالت نے وزیراعظم شہباز شریف کی رمضان شوگر ملز ریفرنس میں مستقل حاضری معافی کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا

شہباز شریف 2021 سے باقاعدگی سے عدالت میں پیش ہوتے رہے ہیں، احتساب عدالت

لاہور (ہادی حسین) احتساب عدالت نے وزیراعظم شہباز شریف کی رمضان شوگر ملز ریفرنس میں مستقل حاضری معافی کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ تین صفحات پر مشتمل حکم نامہ احتساب عدالت کے جج محمد ساجد علی اعوان نے فیصلہ دیا کہ شہباز شریف 2021 سے باقاعدگی سے عدالت میں پیش ہوتے رہے ہیں۔ اب شہباز شریف وزیراعظم پاکستان بن چکے ہیں اور آئینی ذمے داریاں ادا کر رہے ہیں۔

پنجاب سے ٹی ٹی پی، داعش اور دیگر تنظیموں کے 9 دہشت گرد گرفتار

گرفتار کیے گئے دہشت گردوں کے قبضے سے بارودی مواد، اسلحہ، خودکش جیکٹس برآمد کی گئیں

لاہور (اے ایف بی) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے پنجاب میں انٹیلی جنس آپریشن کے دوران 9 دہشت گردوں کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان سی (بقیہ نمبر 35)

سی ڈی اے کی تجاوزات کے خاتمے کیلئے متعدد کارروائیاں

سی ڈی اے انتظامیہ نے متعدد غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات بھاری مشینری کی مدد سے مسمار کر دیں

اسلام آباد کے سیکٹر G-8/1 میں ہنسا کالونی سے سرکاری اراضی پر قبضے کی کوشش ناکام، سرکاری اراضی واگزار

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی ترقیاتی ادارے (کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی) کی انتظامیہ کی ہدایت پر شعبہ انفورسمنٹ نے جمعہ کے روز اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں ضلعی انتظامیہ اور اسلام آباد پولیس کی معاونت سے تجاوزات اور غیر قانونی تعمیرات کے خاتمے کے لئے متعدد کارروائیاں کیں۔ جسمیں متعدد غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات بھاری مشینری کی مدد سے مسمار کر دی گئیں اور سرکاری اراضی پر قبضے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے تجاوزات کنندگان کا 2 ٹرک سامان بھی ضبط کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ان کارروائیوں (بقیہ نمبر 41)

پاکستانی بینکوں کا روسی خام تیل درآمد کرنے کیلئے ایل سیز کھولنے سے انکار

اسلام آباد (چیف رپورٹر) پاکستانی بینکوں نے روسی خام تیل درآمد کرنے کیلئے ایل سیز کھولنے سے انکار کر دیا ہے۔ جب کہ روس کی بندرگاہ سے فرائٹ چارجز، یو اے ای کے مقابلے میں 8 سے 12 گنا زیادہ ہیں۔ حکومتی خط کے جواب میں چار ریفائنریز پارکو، بائیکو (سرجی پی کے لمیٹڈ)، پی آر ایل اور این آر ایل کا کہنا ہے کہ پاکستانی بینکوں نے روسی خام تیل درآمد کرنے کے لیے ایل سیز کھولنے سے انکار کر دیا ہے۔

موبائل ایپ نے لون دیکر لوگوں کی زندگی اجیرن بنادی

50% سے زیادہ سود لیا جانے لگا، قانون نافذ کرنے والے ادارے خاموش

مظفر گڑھ (مہر عمران سے) مہنگائی کی چکی میں پسی عوام سود مافیا کے چنگل میں مختلف موبائل ایپ نے لون دے کر لوگوں کی زندگی اجیرن بنا دی 50% سے زیادہ (بقیہ نمبر 48)

بھارت نے پنجاب کی سب سے بڑی نہر مرالہ راوی لنک کا پانی روک لیا

کئی اضلاع میں لاکھوں ایکڑ رقبہ پر دھان کی فصل کاشت نہ ہو سکی

نارنگ منڈی (این این آئی) بھارت نے پنجاب کی سب سے بڑی نہر مرالہ راوی لنک کا پانی روک لیا، تین ماہ گزر جانے کے باوجود نہری پانی نہ ملنے پر لاہور، شیخوپورہ، نارووال، سیالکوٹ، بہاولپور اور بہاولنگر کے لاکھوں ایکڑ رقبہ پر دھان کی فصل کاشت نہ (بقیہ نمبر 49)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف عید الاضحیٰ پر صفائی کے انتظامات کا جائزہ لینے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیٹرولیم کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج

لاہور (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات میں حالیہ اضافے کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا جس میں کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے اضافے پر حکم امتناعی جاری کیا جائے۔ درخواست منیر احمد نامی شہری نے اظہر صدیق ایڈووکیٹ کے توسط سے دائر کی۔ درخواست میں کہا (بقیہ نمبر 55)

صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق انسداد ڈینگی ڈے کے موقع پر ایک رکشہ ڈرائیور کو فیس ماسک پہنا رہے ہیں

شمالی وزیرستان: سکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 3 دہشتگرد ہلاک

شمالی وزیرستان کے علاقے غلام خان کلے میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس کی بنیاد پر سکیورٹی فورسز نے آپریشن کیا گیا

فورسز کی کارروائی کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں تین دہشت گرد مارے گئے، دہشت گردوں سے اسلحہ بھی برآمد ہوا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کے آپریشن کے دوران میں 3 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق شمالی وزیرستان کے علاقے غلام خان کلے میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس کی بنیاد پر سکیورٹی فورسز نے آپریشن کیا گیا۔ فورسز کی کارروائی (بقیہ نمبر 50)

بلاول بھٹو سے امریکی نمائندہ خصوصی برائے تجارتی و کاروباری امور کی ملاقات

امریکا کی پاکستان میں پن بجلی، ٹیکسٹائل اور زراعت کے شعبوں میں سرمایہ کاری میں دلچسپی

اسلام آباد (حمزہ لطیف) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری سے امریکی نمائندہ خصوصی برائے تجارتی و کاروباری امور دلاور سید نے ملاقات کی جس میں امریکا نے پاکستان میں پن بجلی، ٹیکسٹائل اور زراعت کے شعبوں میں سرمایہ کاری میں دلچسپی ظاہر کی۔ (بقیہ نمبر 36)

شجاعت حسین سیاست کو بند گلی میں نہیں لے جاتے، سید حسن مرتضیٰ

افسوس کیساتھ کہنا پڑتا ہے پرویز الٰہی نے اپنے خاندان کا نقصان کر دیا

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر سید حسن مرتضیٰ نے کہا ہے کہ چوہدری برادران کو پنجاب کی سیاست میں اچھی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا، ان کا شرافت اور (بقیہ نمبر 42)

بلاول بھٹو زرداری کی ایاز امیر پر تشدد واقعہ کی مذمت

متعلقہ حکام ایاز امیر پر تشدد کے معاملے کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کریں

اظہار رائے کی آزادی بنیادی انسانی حقوق کا حصہ ہے جس پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، چیئرمین پیپلزپارٹی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے معروف کالم نگار اور تجزیہ کار ایاز امیر پر تشدد کے واقعے کی مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ کالم نگار اور تجزیہ کار ایاز امیر پر تشدد ایک تشویش ناک واقعہ ہے۔ متعلقہ حکام ایاز امیر پر تشدد کے معاملے کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کریں۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 37)

تیراہ میں ایف سی جوانوں پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت

ہم بہادر نوجوانوں کے ساتھ کھڑے ہیں، حاجی میرزا محمد آفریدی

ضلع خیبر (رپورٹ اکبر آفریدی) ڈپٹی چیئرمین سینٹ حاجی میرزا محمد آفریدی کی طرف سے تیراہ میں ایف سی جوانوں پر دہشتگردوں کے حملے کی شدید مذمت کرتے (بقیہ نمبر 51)

سینئر صحافی و تجزیہ کار ایاز امیر پر حملے کا مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) سینئر صحافی ایاز امیر پر حملے کا مقدمہ قلعہ گجر سنگھ تھانے میں درج کر لیا گیا۔ مقدمہ ایاز امیر کے ڈرائیور کی مدعیت میں 6 نامعلوم حملہ آوروں کے خلاف درج کیا گیا ہے، مقدمے میں 147، 149، 506 اور 382 کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔

افغانستان سے کوئلہ، مصالحہ جات سمیت 9 اشیا کی درآمد پر کسٹمز ڈیوٹی ختم

تارکول، پودے اور ان کے اجزا، بیج، پھل، دارچینی، تمام اقسام کے سلفر اور شکر قندی شامل

اسلام آباد (حاجی ندیم) حکومت نے افغانستان سے تارکول، کوئلہ، شکر قندی، مصالحہ جات سمیت دیگر 9 اشیا منگانے پر کسٹمز ڈیوٹی سے چھوٹ دے دی۔ (بقیہ نمبر 43)

خلیجی ممالک میں 6.1 شدت کا زلزلہ

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران، قطر اور متحدہ عرب امارات میں شدید زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ خلیج ٹائمز کے مطابق زلزلے کے جھٹکے ایران، قطر، بحرین اور متحدہ عرب امارات کے دارالحکومت ابوظہبی سمیت شارجہ، دبئی اور دیگر ریاستوں میں محسوس کیے گئے۔ امریکی زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے (بقیہ نمبر 53)

بجلی کے بحران کا حل: 10 ایل این جی کارگوز درآمد کرنے کیلئے ٹینڈر جاری

اسلام آباد (بیورو چیف) بجلی کے بحران پر قابو پانے کے لیے حکومت نے 10 ایل این جی کارگوز درآمد کرنے کے لیے نئے ٹینڈر جاری کر دیے۔ پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ کے مطابق یہ ٹینڈر جولائی، اگست (بقیہ نمبر 38)

سابق ڈپٹی سپیکر قاسم سوری کی عبوری ضمانت منظور

عدالت کا قاسم سوری کو 30 ہزار روپے کے مچلکے داخل کرانے کا حکم

اسلام آباد (اے ایف بی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما، سابق ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری کی نجی ٹی وی چینل کی ٹیم پر تشدد اور دھمکیوں کے مقدمے میں عبوری ضمانت منظور ہوگئی۔ راولپنڈی کے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے قاسم سوری کی 5 جولائی تک ضمانت منظور کر لی۔ عدالت نے قاسم سوری کو 30 ہزار روپے کے مچلکے داخل کرانے کا حکم دیا ہے۔

راولپنڈی: عید قربان کی آمد کے موقع پر بچے اپنے قربانی کے جانور گلی محلوں میں گھما رہے ہیں

پاکستان ریلوے کا عید کے موقع پر خصوصی ٹرینیں چلانے کا اعلان

کراچی (این این آئی) ہر سال کی طرح اس سال بھی عید الاضحیٰ کے موقع پر عید اسپیشل ٹرینیں چلانے کا اعلان کر دیا گیا، عید کے موقع پر 3 خصوصی ٹرینیں چلائی جائیں گی۔ تفصیلات کے مطابق عید الاضحیٰ کے موقع پر عوام کی سہولت کیلئے 3 عید اسپیشل ٹرینیں چلانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔

پٹرولیم قیمتوں میں اضافے کے بعد ٹرانسپورٹرز نے بھی کرائے بڑھا دیئے

مختلف ٹرانسپورٹرز کی جانب سے کرایوں میں مختلف شرح سے اضافہ کیا گیا ہے

لاہور (این این آئی) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد پبلک ٹرانسپورٹرز کی جانب سے ایک بار پھر کرایوں میں اضافہ کر دیا گیا، مختلف ٹرانسپورٹرز کی جانب سے کرایوں میں مختلف شرح سے اضافہ کیا گیا ہے۔ پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافے کے بعد پبلک ٹرانسپورٹرز کی جانب سے 10 فیصد تک کرائے بڑھائے گئے ہیں۔ پبلک ٹرانسپورٹرز کی (بقیہ نمبر 39)

وزیراعلیٰ کے انتخاب کا سیکنڈ پول قانون کے مطابق ہوگا

ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی چیئر کریں گے، سپریم کورٹ کا تحریری حکم نامہ، اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر پول کے بعد باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کرینگے

پنجاب کے عوام کو نمائندگی اور گورننس کے حقوق کے لیے وزیراعلیٰ اپنی ذمہ داری پوری کریں، عدالت عظمیٰ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے وزیراعلیٰ پنجاب کے انتخاب کا سیکنڈ پول 22 جولائی کو کرنے سے متعلق تحریری حکم نامہ جاری کر دیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ وزیراعلیٰ کے انتخاب کا سیکنڈ پول قانون کے مطابق ہوگا، ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی چیئر کریں گے، اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر پول کے بعد باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کریں گے، پنجاب کے عوام کو نمائندگی اور گورننس کے حقوق کے لیے وزیراعلیٰ اپنی ذمہ داری پوری کریں۔ ہفتہ کو سپریم کورٹ کا 10 صفحات پر مشتمل تحریری حکم نامہ جسٹس اعجاز الاحسن نے تحریر کیا۔ حکمنامے میں کہا گیا کہ فریقین کی یقین دہانی پر لاہور ہائیکورٹ (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی: ٹرانسجینڈر کو اغوا کرنیوالے دو ملزمان کو تھانہ ریس کورس پولیس نے حراست میں لے رکھا ہے

وارث خان پولیس کی پتنگ فروشوں کیخلاف کارروائی، ملزم گرفتار، 110 پتنگیں اور 2 ڈوریں برآمد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) وارث خان پولیس نے پتنگ فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر کے 110 پتنگیں اور 2 ڈوریں برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 44)

راولپنڈی، پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن، 44 بھکاری گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس نے پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 44 بھکاریوں کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض (بقیہ نمبر 45)

بجلی کی قیمت میں نومبر سے کمی شروع ہو جائے گی، خرم دستگیر

اسلام آباد (بیورو چیف) وفاقی وزیر توانائی خرم دستگیر نے کہا ہے کہ بجلی کے مسائل پیدا ہوئے ہیں، پچھلے سال کے مقابلہ میں بجلی کی طلب میں 30 فیصد اضافہ ہوا ہے، 720 میگاواٹ کے کروٹ پن بجلی کے منصوبے سے پیداوار شروع ہوگئی ہے، 1100 میگاواٹ کے کے ٹو نیوکلیئر پاور پلانٹ 10 جولائی اور 1214 میگاواٹ کا شنگھائی پاور پلانٹ دسمبر تک پیداوار شروع کر دے گا۔

سود کے تنازعہ پر 2 برادریوں میں خوفناک تصادم

3 افراد کو فائرنگ سے اور 9 افراد کو ڈنڈوں سوٹوں سے شدید زخمی کر دیا

مظفر گڑھ (مہر عمران سے) سود کے تنازعہ پر 2 برادریوں میں خوفناک تصادم، سود خور نے سود کی رقم ادا نہ کرنے پر اپنے ساتھیوں کے ہمراہ دکان پر بیٹھے 3 افراد کو فائرنگ سے اور 9 افراد کو ڈنڈوں سوٹوں سے شدید زخمی کر دیا، 8 حملہ آور گرفتار، مقدمہ (بقیہ نمبر 46)

لاہور: پرنسپل جنرل ہسپتال پروفیسر الفرید ظفر کی ہدایت پر نرسز شہریوں میں ڈینگی سے بچاؤ کے پمفلٹس تقسیم کر رہی ہیں

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سپریم کورٹ کا فیصلہ اور جمہوریت

سپریم کورٹ نے تاریخ ساز فیصلہ کرتے ہوئے پنجاب میں جاری بحران 3 سیشن میں حل کرادیا جسے تمام سیاسی جماعتوں نے تسلیم بھی کرلیا،طویل سماعت کے بعد سپریم کورٹ نے وزیر اعلیٰ کا انتخاب 2 جولائی کو کرانے کا حکم دیا،حکم مسلم لیگ ن کے وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز اور تحریک انصاف پی ٹی آئی کے امیدوار پرویز الٰہی کے درمیان اتفاق رائے ہونے پر دیا گیا،قبل ازیں عدالت نے تحریک انصاف کو 2 آپشن دیئے ،2 دن میں دوبارہ انتخاب پر مان جائیں یا پھر حمزہ شہباز کو 17 جولائی تک وزیر اعلیٰ تسلیم کرلیں جس پر پی ٹی آئی کے وکیل کو عدالت نے پارٹی قیادت سے مشاورت کے لئے وقت دیا جبکہ دوران سماعت تحریک انصاف ،وزارت اعلیٰ کے امیدوار پرویز الٰہی کے مؤقف میں اختلاف پایا گیا۔عدالت نے فریقین سے کہا اگر دونوں باہمی رضامند نہ ہوئے تو قانونی فیصلہ دیں گے جس سے دونوں کو نقصان ہوگا، بعد ازاں چیئر مین تحریک انصاف نے حمزہ شہباز کو دوبارہ انتخاب تک وزیر اعلیٰ پنجاب کے طور پر قبول کرلیا،حمزہ شہباز اور پرویز الٰہی سپریم کورٹ لاہور رجسٹری سے ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت عظمیٰ اسلام آباد میں جاری سماعت میں پیش ہوئے ،سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے تحریک انصاف کی اپیل پر کیس کی سماعت کی،جسٹس اعجاز الاحسن نے کہا لمبے عرصے تک صوبہ بغیر وزیر اعلیٰ نہیں رہ سکتا، چیف جسٹس نے استفسار کیا اگر وزیر اعلیٰ کسی وجہ سے دستیاب نہ ہو تو صوبہ کون چلائے گا؟ بابر اعوان نے کہا میری نظر میں موجودہ حالات میں سابق وزیر اعلیٰ بحال ہو جائیں گے،جسٹس اعجاز الاحسن نے استفسار کیا کیا کوئی ایسی شق ہے وزیر اعلیٰ کے الیکشن تک گورنر چارج سنبھال لیں؟ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے گورنر کو صوبہ چلانے کا اختیار دینا غیر آئینی ہوگا، آئین کے تحت منتخب نمائندے ہی صوبہ چلا سکتے ہیں، 17 جولائی کو عوام نے 20 نشستوں پر ووٹ دینے ہیں، ضمنی الیکشن تک صوبے کو چلنے سے کیسے روکا جا سکتا ہے؟ عوام خود فیصلہ کریں تو جمہوریت زیادہ بہتر چل سکتی ہے۔طویل سماعت کے بعد عدالت عظمیٰ نے فیصلہ سناتے ہوئے کہا 17 جولائی کو ضمنی الیکشن ہوگا، وزیر اعلیٰ پنجاب کا الیکشن 22 جولائی کو ہوگا، سب نے اتفاق کرلیا، آج تک تحریری حکم جاری کیا جائے گا،حمزہ شہباز نے بھی 22 جولائی کی تاریخ کو قبول کرلیا،عدالتی فیصلے کے بعد حمزہ شہباز اور پرویز الٰہی نے سپریم کورٹ کے فیصلے کو تسلیم کرتے ہوئے خوش آئند قرار دیا اور کہا اب سب کچھ آئین کے مطابق ہوگا،صوبے میں جاری بحران کا بہترین طریقے سے حل ہونا بہترین فیصلہ ہے۔خیال رہے لاہور ہائیکورٹ نے گزشتہ روز 1-4 کی اکثریت سے فیصلہ دیا تھا وزیر اعلیٰ پنجاب کے انتخاب کیلئے یکم جولائی کو شام 4 بجے اجلاس بلایا جائے ،حمزہ کو ملنے والے ووٹوں میں سے 25 ووٹ منہا کر کے گنتی کی جائے ، منحرف اراکین کے 25 ووٹ نکال کر دوبارہ گنتی کی جائے ، دوبارہ رائے شماری میں جس کی اکثریت ہوگی وہ جیت جائے گا، اگر کسی کو مطلوبہ اکثریت نہیں ملتی تو آرٹیکل 1304 کے تحت سیکنڈ پول ہوگا، 25 ووٹ نکالنے کے بعد اکثریت نہ ملنے پر حمزہ شہباز وزیر اعلیٰ پنجاب کے عہدے پر قائم نہیں رہیں گے ، فیصلے کیخلاف پی ٹی آئی اور ق لیگ نے سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا۔عدالت عظمیٰ کا فیصلہ بلاشبہ جمہوریت اور انصاف کی فتح ہے،تمام فریقین میں اتفاق رائے ہونے سے صوبے میں صورتحال اب معمول پر آئے گی۔

خود شناسی

قرۃ العین شفیق

عادل نے ادھر اس دنیا میں آنکھ کھولی تو پوری حویلی میں دیسی گھی کے چراغ جلائے گے ہر طرف خوشیاں ہی خوشیاں تھی کیونکہ پانچ بیٹیوں کے بعد اللہ پاک نے اللہ دتہ کو بیٹے سے نوازا تھا لحہ بھر میں اللہ دتہ جس کی عمر تقریبا چالیس سال تھی بچوں کی طرح خوشی سے پاگل ہو رہا تھا اسے سمجھ نہیں آرہی تھی کہ وہ اللہ سے شکر گزاری کیسے کریں اس نے ہر وقت اللہ سے گلے کرنے میں زندگی گزاری اللہ دتہ سات بہنوں کے بعد پیدا ہوا تھا ہر طرح کی نعمت اور ہر طرح کی خوشیوں سے اللہ نے اسے نوازا تھا ماں نے لاڈ لاڈ میں اتنا سر پر چڑھا لیا تھا کہ وہ خود کو اس دنیا کی بہت قیمتی چیز سمجھتا تھا غرور اکڑ ناز نخرہ ہر چیز تھی اس میں کھانے پینے سے لے کر اوڑھنے بچھونے تک ہر چیز میں بلاوجہ کی ضد کرنا اپنا حکم سمجھتا تھا ایک آواز پر گھر کے نوکر اور ساری بہنیں حقیر سی شکل لے کر کھڑی ہوتی ایک قطار میں بہنوں سے بات کرنا تو دور کی بات انہیں دیکھنا بھی پسند نہیں کرتا تھا عورت ذات سے عجیب سی چڑ تھی اسے کوئی گناہ ایسا نہیں تھا جو اس نے نہ کیا ہو ہر غلط کام میں حصہ لیا حلال پر حرام کو فوقیت دی جائز رشتوں پر ناجائز رشتوں کو برتری دی لیکن اسے سکون کہیں پر بھی نہیں ملا کیونکہ اس کی پرورش حلال پیسوں سے ہوئی تھی حرام سے نہیں ہوئی تھی پھر وقت نے پلٹا کھایا ایک روز حادثہ میں سب دوست مارے گے لیکن اسے ایک زخم تک نہیں آیا اس روز وہ لوٹ اس رب کی طرف جس سے وہ بہت دور جا چکا تھا رو رو کر اس نے یاد کیا اپنے رب کو معافی مانگی ہر گناہ کی ہر غلطی کی پھر اس دن سے اس نے اپنے ہر گناہ کا آزالا کرنا شروع کردیا ہر گناہ سے پیچھا چھوڑا لیا حلال کمایا بیٹیاں پسند نہیں تھی بیٹوں کہ ہر ضرورت پوری کی لیکن ان سے کبھی محبت نہ کی ان وہ بیٹیوں سے محبت کرنے لگا اس کے بدلے رویے نے بہت لوگوں کے دلوں پر جمع میل کو دھول ڈالا اسے بیٹے کی خواہش تھی اس نے رب کے علاوہ پوری دنیا کے پیرون فقیروں کے چکر لگائے لیکن اسے بیٹا نہیں ملا رب سے مانگا تو ہی ملا اس نے خود کو پہچانا کہ وہ کیا ہے اور اس کی مسلمان ہونے کا ناطے کیا اہمیت ہے اسے خود سے شناشی ہو چکی تھی اور وہ پرسکون تھا اور رب کا شکر گزار تھا۔

گوشت ضرور کھائیں لیکن ذرا احتیاط سے

عیدالاضحیٰ پروٹین حاصل کرنے کا بہترین موقع ہے۔گوشت ضرور کھائیں لیکن اس ضمن میں اعتدال اور احتیاطی تدابیر کو بھی ملحوظ خاطر رکھیں۔طبی ماہرین کے مطابق عید قربان کے موقع پر گوشت کھانے میں احتیاط کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ گوشت کے پکوانوں میں زیادہ مرچ مصالحے نہ ڈالیں نیز ان پر سبز دھنیے کی گارنش ضرور کریں گوشت کے ہمراہ سلاد خصوصاً پودینہ، لیموں اور دہی کا رائتہ ضرور استعمال کریں۔ایسی چٹنیاں جن میں زیرہ پودینہ اجوائن شامل ہو، کا استعمال مفید ہے۔گوشت کا مزاج گرم ہے اس لئے اسے معتدل کرنا ضروری ہے۔اس کیلئے گوشت کھانے کے ساتھ ساتھ سبزیوں کا استعمال بھی جاری رکھیں، سبزیوں میں ٹماٹر، پھلیاں، سلاد (مولی گاجر چقندر مٹر) کا استعمال مفید ہے واضح رہے کہ کھیرا سردیوں میں استعمال نہیں کرنا چاہئے۔ پانی کا استعمال زیادہ سے زیادہ کریں۔ ابلا ہوا یا بھاپ میں تیار کیا ہوا گوشت بھنے ہوئے گوشت سے بہت بہتر ہے۔گوشت کا ضرورت سے زیادہ استعمال اگر فوری طور پر نقصان نہ دے تو بھی آنے والے دنوں میں کئی دیگر امراض کا سبب بن سکتا ہے جوڑوں کے درد، ہائی بلڈ پریشر اور شوگر کے مریض گوشت کم کھائیں۔ یورک ایسڈ کی زیادتی اور گردوں کے مریض گوشت کا استعمال اپنے معالج کے مشورے پر ہی کریں۔ خصوصاً دل کے مریض چربی والا گوشت، گردے، مغز، سری پائے، کلیجی وغیرہ استعمال نہ کریں کیونکہ چربیلے مادے کولیسٹرول کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔ بکرے کا گوشت ہر عمر اور ہر مرض کے افراد کے لئے ضروری ہے جبکہ گائے کا گوشت خارش جگر ہائی بلڈ پریشر ہائی کولیسٹرول بواسیر شوگر کے مریض احتیاط کے ساتھ استعمال کریں۔ گائے کے گوشت میں کولیسٹرول بکرے کے گوشت کی نسبت زیادہ ہوتا ہے جبکہ اونٹ کے گوشت میں کولیسٹرول بہت کم ہوتا ہے۔گوشت کھانے کے فوراً بعد پانی پینے سے دل کی تکالیف مزید بڑھ سکتی ہیں لہٰذا گوشت کھانے کے فوراً بعد پانی پینے سے اجتناب کیا جائے۔اسکے علاوہ ضروری ہے کہ قربانی کے گوشت والے ایک کھانے کے بعد دوسرے کھانے میں کم از کم 5 سے 6 گھنٹے کا فرق رکھا جائے۔

طریق مکہ حجاج اور زائرین کیلئے مملکت سعودی عرب کی طرف سے عظیم تحفہ



تحریر۔ محمد ناظم الدین
ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ پنجاب

روڈ ٹو مکہ منصوبے کا پاکستان سے آغاز کردیا گیا ہے،حکومت اور پاکستانی عوام روڈ ٹو مکہ منصوبے کے پاکستان کے آغاز پر سعودی عرب کی حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہیں، "طریق مکہ" منصوبے میں پاکستان دنیا کے پانچ ممالک میں سے ایک ہے جس کو سعودی قیادت کے حکم پر سعودی وزیر داخلہ نے شامل کیا ہے۔طریق مکہ پروگرام کے مطابق عازمین حج کی امیگریشن اب جدہ ایئر پورٹ کی بجائے پاکستان کے ایئر پورٹ پر ہی ہو جائے گی اور عازمین حج کو اب جدہ ایئر پورٹ پر امیگریشن مسائل کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ اسلام آباد ایئر پورٹ پر ہی "خروج" اور "دخول" یعنی انٹری اور ایگزٹ کی سہولت میسر ہوگی۔ پاکستان سے 42 پروازوں کے ذریعے 14007 عازمین حج اس منصوبے سے مستفید ہوں گے۔ روڈ ٹو مکہ منصوبہ پاکستان اور سعودی عرب دوستی اور پاکستان سعودی عرب تعلقات کی مضبوطی کی دلیل ہے۔حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے سعودی حکام کی طرف سے آئندہ سال منصوبے میں حج پروازوں اور عازمین حج کی تعداد کو بڑھانے کے اعلان پر سعودی حکام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی حکومت اور عوام، سعودی عرب کی حکومت خصوصاً خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ان کے ولی عہد امیر محمد بن سلمان اور سعودی وزیر داخلہ امیر عبدالعزیز بن سعود بن نائف کی اس محبت پر شکریہ ادا کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ جس طرح سعودی عرب کی حکومت روز وشب حجاج کرام وزائرین کی خدمت میں مصروف ہے۔روڈ ٹو مکہ پروگرام اسی خدمت کا ایک خوبصورت منصوبہ ہے اور اس میں پاکستان کو شامل کرنا پاکستان سعودی عرب تعلقات کی مضبوطی اور محبت کی دلیل ہے۔حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے اس موقع پر پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف سعید المالکی کا بھی شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس حوالے سے بھرپور کردار ادا کرتے ہوئے پاکستان کیلئے اس عمل کو ممکن بنایا۔انہوں نے کہا کہ میں حکومت پاکستان اور پاکستان کی عوام بالخصوص وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کی طرف سے بھی اس منصوبے میں پاکستان کو شامل کرنے پر شکریہ ادا کرتا ہوں۔

طریق مکہ حجاج اور زائرین کیلئے مملکت سعودی عرب کی طرف سے عظیم تحفہ ہے اور آئندہ سالوں میں دیگر شہروں سے بھی ان شاء اللہ حجاج و زائرین طریق مکہ پروگرام کے تحت حج پر جائیں گے۔ وزیر اعظم پاکستان کی ہدایات پر پاکستان کی وزارت مذہبی امور و حج کی جانب سے کیے جانے والے انتظامات کو بہتر سے بہتر بنایا جا رہا ہے۔ چیئرمین پاکستان علماء کونسل و نمائندہ خصوصی وزیر اعظم پاکستان برائے بین المذاہب ہم آہنگی و مشرق وسطیٰ حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ پاکستان علماء کونسل، پاکستان کی حکومت اور عوام سعودی عرب کی قیادت خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد امیر محمد بن سلمان کے حکم پر سعودی عرب کی وزارت داخلہ کی طرف سے پاکستان کو طریق مکہ پروگرام میں شامل کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہے اور حجاج کرام اور زائرین کیلئے روز وشب بہتر سے بہتر سہولتیں پیدا کرنے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ پاکستان سعودی عرب کے تعلقات لا زوال ہیں، ہمارے تعلقات ایمان اور عقیدے کے تعلقات ہیں، طریق مکہ پروگرام اتنی بڑی سہولت ہے کہ اس کا تصور بھی آج سے چند سال پہلے نہیں کیا جا سکتا تھا اور اسی طرح یہ سمجھتے ہیں کہ سعودی عرب کی حکومت اور سعودی ولی عہد امیر محمد بن سلمان کی ویژن 2030 کے تحت جو اقدامات حجاج اور زائرین کیلئے کر رہی ہے وہ بھی بے مثال ہیں۔ پاکستان کے وزیر اعظم میاں شہباز شریف صاحب نے طریق مکہ پروگرام کے سعودی عرب کے وفد سے چند روز پہلے ملاقات کی تھی اور ان کا شکریہ بھی ادا کیا تھا۔ حجاج کی خدمت ایک اعزاز ہے اور حکومت پاکستان نے جس طرح کوشش کی ہے کہ ماضی کے کرونا کے جو دو سال گذرے ہیں اس سال پوری دنیا کے اندر ریٹس بڑھے ہوئے ہیں لیکن کوشش کی ہے کہ حجاج کو زیادہ سے زیادہ سہولت دی جائے اور دعا کرتے ہیں کہ ہم سب کو اللہ تبارک وتعالیٰ مزید توفیق دے حجاج کی خدمت کرنے کی، پاکستان کے تمام ادارے اور سعودی عرب کے تمام اداروں اور طریق مکہ پروگرام اور پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف سعید المالکی اور قونصلیٹ کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جو مملکت سعودی عرب میں پاکستانی بھائی ہیں وہ بغیر تصریح کے حج پر نہ جائیں بغیر تصریح کے حج جائز بھی نہیں ہے یہ متفقہ فتویٰ ہے تمام علماء کرام کا اور اس کے ساتھ ساتھ کسی بھی قسم کے سیاسی عمل یا سیاسی بحث ومباحثہ، نعرہ بازی یا فرقہ وارانہ نعرہ بازی میں شریک نہ ہوں۔ کیونکہ آپ عبادت کیلئے گئے ہیں عبادت کریں، اللہ سے دعا کریں، اپنے وطن کیلئے دعا کریں، مظلوم کشمیریوں، فلسطینیوں کیلئے دعا کریں، امت مسلمہ کیلئے دعا کریں، ارض حرمین شریفین اور اس کی خدمت کرنے والوں کیلئے دعا کریں، پاکستان کے استحکام، سلامتی و امن کیلئے دعا کریں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے جو دوست ہیں وہ ہمیشہ پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، پاکستان کو نہ ماضی میں انہوں نے تنہا چھوڑا نہ پاکستان نے چھوڑا ہے اور نہ آئندہ چھوڑیں گے۔

پاکستان سعودی عرب تعلقات کسی تیسری قوت کے محتاج نہیں ہیں، سعودی عرب نے مشکل حالات میں ہمیشہ پاکستان کا ساتھ دیا ہے اور آئندہ بھی دونوں دوست ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے رہیں گے، پاک سعودی عرب تعلقات تجارتی سطح پر بڑھ رہے ہیں، سعودی عرب کے تجار پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے تیار ہیں، سرمایہ کاری کیلئے ماحول بہتر بنانا ہوگا، وزیر اعظم میاں شہباز شریف نے ہدایات دی ہیں کہ اسلامی عرب ممالک کے سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت دی جائے، دوست ممالک کے حوالے سے بے بنیاد پراپیگنڈہ بند ہونا چاہیے۔ یہ بات چیئرمین پاکستان علماء کونسل و نمائندہ خصوصی وزیر اعظم پاکستان برائے بین المذاہب ہم آہنگی و مشرق وسطیٰ حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے ملکی و غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات چیت کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب تعلقات کسی شخصیت کے محتاج نہیں ہیں، یہ دو قوموں کے تعلقات ہیں جو روز و شب مضبوط ہو رہے ہیں، سعودی عرب سیمالی یا تیل کے تعاون کے حوالے سے مثبت خبریں ہیں، بعض دوست بغیر تحقیق کے تبصرے کرتے ہیں جو نا مناسب ہیں۔ پاکستان سعودی عرب تعلقات ہماری داخلی سیاست سے بالا تر ہیں۔ پاکستان، سعودی عرب، چین متحدہ عرب امارات نے ہمیشہ ہماری مدد کی اور ہمیں دیوالیہ ہونے سے بچایا تھا۔انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی حکومت کے طریق مکہ پروگرام پر مشکور ہیں۔طریق مکہ پروگرام حجاج کرام کیلئے بہت بڑی راحت کا سبب اور پاک سعودی عرب تعلقات اور محبت کی عظیم دلیل ہے۔ سعودی عرب کی حکومت نے گزشتہ دو سالوں میں کرونا کی وبا کے باوجود حج کو موخر نہیں کیا، سعودی حکومت کی خدمات قابل ستائش اور قابل قدر ہیں۔ سعودی ولی عہد امیر محمد بن سلمان کا ویژن 2030ء مسلمانان عالم کیلئے حج وعمرہ میں بہت ساری سہولتیں پیدا ہو رہی ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ سعودی عرب کے ولی عہد امیر محمد بن سلمان کا دورہ مصر، ترکی، اردن امت مسلمہ کیلئے خوشی کی بات ہے۔ فلسطین سے کشمیر تک مسلم امہ کے مسائل کا حل وحدت اور اتحاد میں ہے اور اس وقت اسلامی تعاون تنظیم کی سربراہی مملکت سعودی عرب کے پاس ہے لہذا اس دورہ سے بہت ساری امیدیں اور توقعات امت مسلمہ کر رہی ہے جو ان شاء اللہ پوری ہوں گی۔ پاکستان اسلامی دنیا کو متحد اور مضبوط دیکھنا چاہتا ہے، پاکستان اسلامی تعاون تنظیم کو مضبوط دیکھنا چاہتا ہے اور پاکستان نے کبھی بھی اسلامی تعاون تنظیم کے مدمقابل کسی تنظیم کی تائید نہیں کی ہے اور نہ ہی کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ توہین ناموس رسالت پر امت مسلمہ کا موقف ایک ہے، گذشتہ جمعہ حرمین شریفین میں جو خطبات دیئے گئے ہیں وہ امت مسلمہ کے درد اور موقف کو واضح کر رہے ہیں جس طرح عالم عرب، عالم اسلام میں ہندوستانی مصنوعات کا بائیکاٹ ہو رہا ہے وہ امت مسلمہ کی بیداری اور وحدت کی دلیل ہے اور ان شاء اللہ اسلاموفوبیا کے خلاف جس طرح اقوام متحدہ میں کامیاب ہوئے ہیں اس معاملہ میں بھی کامیاب ہوں گے۔

زرنش خان نے بھارتی اداکارہ کرینہ کپور کا انداز کاپی کرلیا

ایک اور صارف نے لکھا کہ زرنش خان نے کرینہ کپور کو بھی پیچھے چھوڑ دیا

کراچی (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ زرنش خان نے بھارتی اداکارہ کرینہ کپور کا انداز کاپی کرلیا۔ سوشل میڈیا کے مختلف پیجز پر زرنش خان کی ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے، جس میں انہیں وادی ہنزہ کی خوبصورت سڑک پر سفر کرتے اور بالی ووڈ کی مشہور فلم جب وی میٹ کے گانے یہ عشق ہائے سے لطف اندوز ہوتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ اداکارہ ناصرف گانا سنتے ہوئے محظوظ ہو رہی ہیں بلکہ وہ اس گانے پر بھارتی اداکارہ کرینہ کپور کے انداز کو کاپی کرتے ہوئے بھی نظر آرہی ہیں۔ سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے زرنش خان کے کرینہ کپور کے انداز کو کاپی کرنے اور دوران سفر بالی ووڈ کا سننے پر ملا

مہنگی مصنوعات کے باعث پریانکا چوپڑا کو شدید تنقید کا سامنا

ایک ٹیبل کلاتھ کی قیمت 30 ہزار سے زائد بھارتی روپے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ پریانکا چوپڑا نے حال ہی میں انڈین ہوم ویئر لائن سونا ہوم کے نام سے لانچ کی ہے جس کے باعث انہیں شدید تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ عالمی شہرت یافتہ اداکارہ پریانکا چوپڑا نے امریکا میں ہندوستانی برتنوں کے کاروبار کا آغاز کیا ہے، انہوں نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ کے ذریعے یہ خبر صارفین کو دی اور بھارت سے امریکا منتقل ہونے پر اپنے جذبات کا اظہار بھی کیا۔ سوشل میڈیا صارفین سونا ہوم ویئر کی لانچ کے ساتھ ہی پریانکا چوپڑا کو مہنگی مصنوعات کے باعث شدید تنقید کا نشانہ بنار ہے ہیں۔ سونا ہوم ویئر کی آفیشل ویب سائٹ کے مطابق ایک ٹیبل کلاتھ کی قیمت 30 ہزار سے زائد بھارتی روپے ہیں جبکہ چار نیپکن کے ایک سیٹ کی قیمت بھارتی 13 ہزار سے زائد ہے۔

اداکارہ شگفتہ اعجاز کی ٹک ٹاک کو بے حد پذیرائی ملنے لگی

ٹک ٹاک ہنسی مزاح کیساتھ اصلاح کا بھی پلیٹ فارم ہے' گفتگو



لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ شگفتہ اعجاز کی ٹک ٹاک کو بے حد پذیرائی ملنے لگی۔ سینئر اداکارہ شگفتہ اعجاز آج کل ٹک ٹاک بنا کر سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کر رہی ہیں جنہیں ان کے پرستار بہت پسند کر رہے ہیں۔ شگفتہ اعجاز نے انتہائی سلجھے ہوئے کنٹینٹ کے ساتھ ٹک ٹاک بنار ہی ہیں۔ شگفتہ اعجاز نے کہا کہ اگر حقیقت میں دیکھا جائے تو ٹک ٹاک کا پلیٹ فارم ہنسی مزاح کے ساتھ اصلاح کا پلیٹ فارم بھی ہے۔ یاد رہے کہ یہ پہلا موقع ہے ٹی وی کی سینئر اداکارہ نے ٹک ٹاک کے میدان میں قدم رکھا ہے۔

شادی نہ کرنے کی واحد وجہ مردوں کا مایوس کن ہونا تھا، سشمیتا سین

بچوں نے ہمیشہ میری زندگی میں شامل ہونے والے ہر شخص کو قبول کیا، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ اور سابق مس یونیورس سشمیتا سین نے شادی نہ کرنے کے اپنے فیصلے اور اس کی وجہ کے بارے میں بتادیا۔ سشمیتا سین نے ٹوئنکل کھنہ کے شوی آئیکونز میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خوش قسمتی سے میں اپنی زندگی میں کچھ بہت دلچسپ مردوں سے ملی، میں نے کبھی شادی نہیں کی اس کی واحد وجہ یہ ہے کہ وہ مرد مایوس کن تھے۔ سشمیتا سین نے کہا کہ ان کی شادی نہ کرنے کا تعلق ان کے بچوں سے نہیں ہے بلکہ بچوں نے ہمیشہ ان کی زندگی میں شامل ہونے والے ہر شخص کو قبول کیا۔ اداکارہ نے کہا کہ ان کے بچوں نے کبھی کسی کیلئے برا نہیں مانا، انہوں نے سب کو یکساں محبت اور احترام دیا ہے

اسلم شیخ نے سیاست کے میدان بھی قدم رکھ دیا

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار اسلم شیخ نے سیاست کے میدان بھی قدم رکھ دیا۔ اسلم شیخ نے سندھ میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے پہلے مرحلے میں پاک سرزمین پارٹی کی جانب سے ناظم آباد ٹو کی نشست سے چیئرمین کے انتخاب میں حصہ لیا۔ اسلم شیخ نے کہا کہ ملک کے مسائل حل کرنے کیلئے گراس روٹ لیول سے لوگوں کو آگے آنا ہوگا تبھی ہم اپنے شہروں کے مسائل کو ختم کر سکتے ہیں، اگر نیچے سے لوگ آئیں گے تو وہ عام لوگوں کے مسائل کا تدارک کر سکیں گے۔

شادی کا کوئی منصوبہ ہے نہ ہی اس حوالے سے کچھ پتہ ہے

شادی کا سوال مجھے نروس کر دیتا ہے، اداکارہ شروتی ہاسن

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ شروتی ہاسن کا کہنا ہے کہ نہ تو شادی کے لیے انہوں نے کوئی پلان بنایا ہے اور نہ ہی اس حوالے سے کچھ پتہ ہے کہ ایسا کب ہوگا؟ بالی ووڈ کے سینئر اداکاروں کمل ہاسن اور ساریکا کی بیٹی شروتی جو کہ اب بالی ووڈ کے بعد تیلگو فلموں میں بھی مرکزی حیثیت کی حامل ہوگئی ہیں۔ فلمی مصروفیات کے علاوہ ان کے وژول آرٹسٹ شانتانو ہزاریکا سے تعلق کے حوالے سے اکثر میڈیا پر شہ سرخیاں لگتی رہتی ہیں۔ ایک حالیہ انٹرویو میں ان سے جب شادی کا سوال کچھ پتہ نہیں۔ شادی کا سوال مجھے نروس کر دیتا ہے۔

آنجہانی سیاستدان پر تنقید، سوارا بھاسکر کو قتل کی دھمکی

اداکارہ سوارا بھاسکر نے نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا



ممبئی (این این آئی) بھارت کے آنجہانی سیاستدان پر تنقید سوارا بھاسکر کو مہنگی پڑ گئی، نامعلوم ملزمان نے خط لکھ کر قتل کی دھمکی دے ڈالی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بینام خط سوارا کو ان کی ممبئی میں واقع رہائش گاہ پر بھیجا گیا۔ اداکارہ نے نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق سوارا نے آنجہانی سیاستدان دامودر ساورکر پر تنقید کی تھی جس کی وجہ سے انہیں دھمکی آمیز خط بھیجا گیا۔ ہندی میں تحریر کردہ خط میں درج تھا کہ ملک کے نوجوان ساورکر کی بےعزتی برداشت نہیں کریں گے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اداکارہ کی شکایت پر نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

اعصام الحق قریشی شکست کے بعد ٹائٹل کی دوڑ سے باہر

آسٹریلیا کے جیمز ڈک ورتھ اور امریکا کے مارکوس گیرون کو شکست دی تھی



لندن (این این آئی) پاکستانی ٹینس سٹار اعصام الحق قریشی ومبلڈن اوپن مینز ڈبلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں شکست کے بعد ٹائٹل کی دوڑ سے باہر ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق لندن میں جاری گرینڈ سلیم ومبلڈن اوپن مینز ڈبلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں سپین کے ڈیوڈ ویگا اور برازیل کے رافیل میٹوس نے پاکستان کے اعصام الحق اور قزاخستان کے الیگزینڈر نیڈوویسوف کو شکست دے کر اگلے مرحلے کے لئے کوالیفائی کر لیا، پہلے راؤنڈ میں اعصام الحق اور ان کے جوڑی دار نے 6-3 سے کامیابی حاصل کی۔

پی ایچ ایف نے پاکستان ہاکی لیگ کروانے کا اعلان کر دیا

ہاکی لیگ کا پہلا سیزن لاہور میں منعقد کیا جائے گا

لاہور (سی ایم لنکس) پی ایچ ایف نے پاکستان ہاکی لیگ کروانے کا اعلان کر دیا، افتتاحی سیزن میں پانچ ٹیمیں شرکت کریں گی۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن نے رواں سال نومبر اور دسمبر میں لیگ کروانے کا اعلان کیا ہے۔ ایونٹ میں اسلام آباد، لاہور، کراچی، پشاور اور کوئٹہ کی ٹیمیں شرکت کریں گی۔ ہاکی مقابلے تین ہفتے تک جاری رہیں گے، لیگ میں دیگر ممالک کے سٹار کھلاڑی بھی شرکت کریں گے، ہاکی لیگ کا پہلا سیزن لاہور میں منعقد کیا جائے گا۔

اگر فٹبال نہیں تو باقی کسی چیز کی اہمیت نہیں، ہارون ملک

ایک سال کا مینڈیٹ مکمل ہونے سے قبل سب سے الیکشن کا عمل بھی مکمل کرلیں گے

اسلام آباد (این این آئی) فیفا کی جانب سے عائد معطلی ختم ہونے کے بعد پاکستان فٹبال فیڈریشن کی نارملائزیشن کمیٹی نے نظریں جلد از جلد انٹرنیشنل فٹبال میں واپسی پر مرکوز کرلی ہے ، پہلے سب سے اہم ہدف پاکستان کی مینز اور ویمنز ٹیموں کی از سرنو تشکیل ہے۔ پاکستان فٹبال فیڈریشن کی بحالی کے بعد پی ایف ایف این سی کے چیئرمین نے ایک انٹرویو میں کہا کہ فٹبال ٹیم تین سال سے کچھ نہیں کھیلی، تین سال پہلے والی فٹنس اور کھیل کا معیار آج نہیں ہوسکتا، اس لئے ٹرائلز کے بعد ٹیم کو دوبارہ کھڑا کیا جائیگا۔ انہوں نے عہد کیا کہ ایک سال کا مینڈیٹ مکمل ہونے سے قبل سب سے الیکشن کا عمل بھی مکمل کرلیں گے۔ ہارون ملک نے کہا کہ فیفا کیلئے سب سے اہم بات یہ ہے کہ دنیا میں ہر بچے کو فٹبال کھیلنے کا حق ملے، پاکستان میں بچے اس حق سے محروم رہے، پچھلے چند ماہ دشوار تھے مگر اب پابندی ختم ہوگئی امید ہے چیزیں جلد ٹھیک ہوجائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیر فہمیدہ مرزا کی کوشش سے فٹبال ہاؤس کا کنٹرول تو مارچ میں واپس مل گیا تھا مگر اکاؤنٹس کے کیس عدالت میں ہونے کی وجہ سے اسکا کنٹرول نہ مل سکا۔ ہارون ملک نے اعتراف کیا کہ اکاؤنٹس کا کنٹرول اب بھی نہیں ملا۔

باصلاحیت لیگ اسپنر عادل رشید کو حج کی پیشگی مبارک باد

عادل رشید اپنے فیملی کے ہمراہ حج پر جائیں گے، میڈیا رپورٹ

لندن (این این آئی) انگلینڈ کرکٹ بورڈ (ای سی بی) نے اپنے باصلاحیت لیگ اسپنر عادل رشید کو حج کی پیشگی مبارک باد دے دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انگلش کھلاڑی عادل رشید حج کی سعادت حاصل کرنے کے لیے سعودی عرب روانہ ہوگئے جس پر ای سی بی نے انہیں پیشگی مبارک باد دی ہے۔ انگلش بورڈ نے سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر حج مبارک راشد لکھا اور دل والا ایموجی شیئر کرتے ہوئے کھلاڑی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ یاد رہے کہ حالیہ دنوں ای سی بی نے تصدیق کی تھی کہ عادل رشید اپنے فیملی کے ہمراہ حج پر جائیں گے۔

پاکستان آئی سی سی کمرشل ریونیو میں اضافے کا خواہاں

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان آئی سی سی کمرشل ریونیو میں اضافے کا خواہاں ہے۔ کراچی میں میڈیا کانفرنس میں رمیز راجہ نے کہا کہ آئی سی سی نے پاکستان کی اہمیت کو تسلیم کیا، نیوزی لینڈ اور انگلینڈ کے ٹورز ملتوی ہوئے تو ہمارے موقف سے عالمی باڈی پر بھی دباؤ بڑھا، چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی ہمیں ملی، رکن ممالک سے ہمارے اچھے تعلقات ہیں، پاکستان کے موقف کی تائید بھی ہوئی، اگلے ماہ ہونے والے اجلاس میں کمرشل ریونیو میں پاکستان کا حصہ بڑھانے کی بات کروں گا۔ انھوں نے کہا کہ کپتان بابر اعظم کو اختیارات دیے گئے۔

دو غیر ملکی خواتین کوہ پیماؤں نے نانگا پربت سر کرلیا

پاکستانی کوہ پیما شہروز کاشف بھی نانگا پربت پر موجود ہیں

پشاور (سی ایم لنکس) ناروے کی کرسٹن ہریلا اور تائیوان کی گریس سینگ نامی خواتین کوہ پیماؤں نے نانگا پربت سر کرلیا۔ کرسٹن ہریلا نے اس سیزن کی ساتویں 8 ہزار میٹر سے بلند چوٹی سر کی ہے۔ کرسٹن چھ ماہ سے کم وقت میں تمام 14 بلند ترین چوٹی سر کرکے نرمل کا ریکارڈ توڑنا چاہتی ہیں۔ نیپال کے پانچ شیرپا بھی دونوں خواتین کوہ پیماؤں کے ہمراہ تھے بطور ٹیم پاکستان میں ماؤنٹینئرنگ سیزن کی پہلی بڑی سمٹ مکمل کی۔ پاکستانی کوہ پیما شہروز کاشف بھی نانگا پربت پر موجود ہیں۔

جشن آزادی فٹ بال چیمپئن شپ 18 جولائی سے شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد فٹ بال ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام اور پاکستان بوائز سکاؤٹ ایسوسی ایشن کے تعاون سے جشن آزادی فٹ بال چیمپئن شپ 18 جولائی سے اسلام آباد میں شروع ہوگی۔ گزشتہ روز اسلام آباد فٹ بال ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سید شرافت حسین بخاری نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کردی گئی ہیں۔

پاکستانی اوپنر شان مسعود کی ٹیم بھارت سے ہار گئی

میچ میں بھارت نے 151 رنز کا مطلوبہ ہدف سترویں اوور میں پورا کرلیا



لندن (این این آئی) پاکستانی اوپنر شان مسعود نے ڈربی شائر کی کپتانی کرتے ہوئے بھارت کے خلاف وارم اپ ٹی ٹوئنٹی میچ کھیلا اور 8 رنز اسکور کیے۔ شان مسعود کی کپتانی میں کھیلنے والی ڈربی شائر کی ٹیم میچ میں کچھ خاص نہ کرسکی اور اسے بھارت کے ہاتھوں 7 وکٹوں سے شکست ہوئی۔ میچ میں بھارت نے 151 رنز کا مطلوبہ ہدف سترویں اوور میں پورا کرلیا۔ دوسری جانب ایک کاؤنٹی میچ میں محمد عامر نے گلوسٹر شائر کی نمائندگی کرتے ہوئے ایک وکٹ حاصل کی۔ محمد عامر ہیمپشائر کے خلاف صرف 3 گیندیں ہی کروا پائے اور سائڈ اسٹرین انجری کے باعث گراؤنڈ سے باہر چلے گئے۔ قومی ٹیم کے آل راؤنڈر شاداب خان نے یارک شائر کی نمائندگی کرتے ہوئے 8 رنز کے عوض 2 وکٹیں حاصل کیں۔

بقیہ 1

گی۔ آبپاشی انتظامیہ کے مطابق کوٹری ڈاؤن اسٹریم میں پانی کی مسلسل اور شدید قلت کے باعث ڈیلٹا تباہی کے دہانے پر ہے۔ تربیلا پر پانی کی آمد 1لاکھ 8ہزار 800، اخراج 1لاکھ 20ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا، کالاباغ پر پانی کی آمد 1لاکھ 34ہزار 900، اخراج 1لاکھ 3ہزار 990 کیوسک، چشمہ پر پانی کی آمد 1 لاکھ 57ہزار 655 اور اخراج 1لاکھ 40 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ تونسہ پر پانی کی آمد 99ہزار 210، اخراج 93ہزار 478 کیوسک، گڈو بیراج پر پانی کی آمد 72ہزار 610 اور اخراج 56ہزار 139 کیوسک، سکھر بیراج پر پانی کی آمد 57ہزار 525 اور اخراج 23ہزار 730 کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ کوٹری بیراج پر پانی کی آمد 19ہزار 275 اور اخراج 300 کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 2

خطبہ عربی، انگریزی، فرانسیسی، اردو، فارسی، روسی، چینی، بنگالی، ترکی، ملاوی، ہندی، ہسپانوی، تامل اور سواحلی زبانوں میں پیش کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میدان عرفات سے حج کے خطبے کا براہ راست ترجمہ پیش کرنے کا پروگرام اپنی نوعیت کا سب سے بڑا عالمی پروگرام ہے اور اس کے ذریعے امن وسلامتی کی سرزمین سے رواداری اور میانہ روی کا پیغام جائے گا۔ ڈاکٹر السدیس کا کہنا تھا کہ گزشتہ سال دس زبانوں میں میدان عرفات سے حج کا خطبہ نشر کیا گیا تھا، ہمارا ہدف 5 کروڑ افراد تک رسائی کا تھا لیکن اس سے دس کروڑ افراد نے استفادہ کیا تھا۔

بقیہ 3

کارروائی شروع کر دی ہے۔

بقیہ 4

جیسے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 5

دعوی کیا کہ عافیہ کو افغانستان کے شہر غزنی سے گرفتار کرلیا گیا ہے جہاں وہ طالبان کے ساتھ مل کر حملوں کی منصوبہ بندی کر رہی تھیں۔ ستمبر 2010 میں عافیہ صدیقی پر مقدمہ چلایا گیا جس میں الزام لگایا گیا کہ انہوں نے ایک امریکی فوجی سے رائفل چھین کر اس پر گولی چلائی لیکن وہ بچ گیا۔ امریکی عدالت میں 14 دن کے ٹرائل کے دوران عافیہ صدیقی نے بار بار بتایا کہ اس پر امریکیوں نے تشدد کیا، عدالتی کارروائی میں خلل ڈالنے کے الزام میں انہیں عدالت سے نکال دیا گیا اور صرف اقدام قتل کے الزام میں 86 سال قید سنادی گئی، یہ قید 30 اگست 2083 کو ختم ہوگی۔

بقیہ 6

سے 16 گھنٹے لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے جس کی وجہ سے کاروبار سخت متاثر ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کے الیکٹرک کی طویل لوڈشیڈنگ اور حکومتی خاموشی مجرمانہ غفلت ہے، بہت مرتبہ کے الیکٹرک انتظامیہ کو درخواستیں دی ہیں اور منتخب نمائندگان کو بھی گذارشات کی ہیں لیکن کوئی ازالہ نہیں ہوا اور یہی وجہ ہے کہ آج ہم کے الیکٹرک انتظامیہ کی نااہلی اور طویل لوڈشیڈنگ کیخلاف احتجاج کرنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر بجلی کی لوڈشیڈنگ ختم کی جائے بصورت دیگر کے الیکٹرک آفس کے سامنے نیشنل ہائی وے پر دھرنا دیا جائے گا۔ پبلک ایشوز ریزولونگ کونسل گزشتہ ایک ہفتہ سے یوسی پپری کے مختلف علاقوں میں میٹنگ کا انعقاد کر کے کے۔ الیکٹرک کی انتظامیہ سے بھی مسلسل رابطے اور میٹنگ کر کے لوڈشیڈنگ کے خاتمے کی کوشش کر رہے تھے۔ اسی سلسلے میں احتجاجی ریلی اور پریس کلب پر احتجاج کا انعقاد کیا جس میں مختلف سیاسی سماجی جماعتوں اور مذہبی، سماجی سیکٹروں افراد نے شرکت کی، احتجاج کے دوران ہی کے۔ الیکٹرک کے جی ایم شیراز نے کال کر کے بتایا کہ آپ کے رات کی لوڈشیڈنگ نہ کرنے کا مطالبہ مان لیا گیا ہے جبکہ ایپرول بھی آگئی ہے۔ جس کی خوشخبری نور حسین خان نے عوام کو دی جس پر عوام نے شیراز جی ایم کے۔ الیکٹرک کو اقدام کو سراہا، اور اس بات کا اعادہ کیا کہ ہم پبلک ایشوز ریزولونگ کونسل کی ہر کال پر لبیک کہیں گے۔ آخر میں کونسل کے ایگزیکٹو ممبرز سعید ثانی، زاہد اقبال بھٹہ، عمیر شاہد، عمر رفیق، نور حسین خان، وسیم آرائیں، مولانا اسد اللہ نے تمام شرکاء کی آمد کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 7

یادداشت پر دستخط کے 6ماہ بعد تک فواد چوہدری کے پاس سائنس وٹیکنالوجی کا قلمدان رہا لیکن پریس کانفرنس کے بعد کوئی عملی کام نہیں ہوا۔ بعد میں پتا چلا کہ مفاہمتی یادداشت اصل میں ایک غلط فہمی ثابت ہوئی کیونکہ فواد چوہدری کے پاس اس یادداشت پر دستخط کرنے کے اختیارات نہیں تھے اور نہ ہی انہوں نے ضابطے کی کارروائی پر عمل کیا جس کے باعث یہ پروجیکٹ شروع ہی نہ ہوسکا۔

بقیہ 8

سے روکنے پر قانونی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 9

پوسٹمارٹم کے بعد لاش کو ورثا کے حوالے کر دیا جبکہ پولیس نے ملزم عبدالغفور سمیت 3افراد کو حراست میں لیکر مقدمہ درج کر لیا ہے تاہم پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 10

کے مطابق 27 مئی کو ٹرین ملتان سے واپس کراچی آرہی تھی، ٹکٹ چیکر زاہد خاتون کو اکانومی سے اے کلاس انچارج عاقب کے پاس لے کر گیا، ٹکٹ چیکر نے خاتون سے کہا کہ اے کلاس کا کرایہ زیادہ ہے مزید پیسے دیں۔ متن کے مطابق متاثرہ خاتون نے اکانومی کلاس میں واپس جانے کا کہا تو ملزم مشتعل ہوگیا، ملزم زاہد نے خاتون کو تھپڑ مارے اور زیادتی کا نشانہ بنایا، اس کے بعد ملزم عاقب نے بھی متاثرہ خاتون سے زیادتی کی۔ تیسرے ملزم اسسٹنٹ ٹرین منیجر ذوہیب نے خاتون کو چلتی ٹرین میں زیادتی کا نشانہ بنایا۔ واضح رہے کہ گرفتار تین ملزمان کا ڈی این اے متاثرہ خاتون سے میچ کرگیا ہے، ملزمان کے خلاف ریلوے کراچی سٹی تھانے میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

بقیہ 11

رسائی کے حقوق اور آزادی رائے کی بنیادی آزادی کے خلاف ہے۔ بھارت فوری طور پر سفارتی مشن کے اکاؤنٹ بلاک کرنے کے اقدام کو واپس لے۔ بھارت کو بین الاقوامی اصولوں کی پاسداری کرنی چاہیے۔

بقیہ 12

کے کسان ملک احمد مونڈا ملک نزیر مونڈا ملک جعفر مونڈا و دیگر کسانوں کو شدید مشکلات کا سامنا، عوام سراپا احتجاج، کمشنر ڈی جی خان اور ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ سے نوٹس لینے کا مطالبہ

بقیہ 13

زریعے چیک کرنے پر دودھ میں پانی اور ڈٹرجینس کی ملاوٹ اور غزائیت کی کمی پائی گئی، فوڈ اتھارٹی کی ٹیم نے 1750 لٹر مضر صحت دودھ موقع پر تلف کر دیا، اس موقع پر ڈی جی فوڈ اتھارٹی شعیب جدون کا کہنا تھا کہ ملاوٹی اور مضر صحت دودھ فروخت کرنا سنگین جرم ہے، پنجاب فوڈ اتھارٹی ملاوٹی مافیا کے خلاف مستقل بنیادوں پر کام کرتی رہے گی۔

بقیہ 14

جائے حادثہ پر روانہ کروادیا۔ پولیس کنٹرول کو بھی آگاہ کردیا گیا۔ ریسکیو سٹاف نے جائے حادثہ پر پہنچ کر پیشہ وارانہ مہارت کو بروئے کار لاتے ہوئے زخمی کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور مزید علاج کے لیے THQ ہسپتال کوٹ ادو منتقل کردیا ہے جہاں ریسکیو اہلکاروں اور پنجاب پولیس کی زیرنگرانی ان کا علاج کیا جارہا ہے۔ انہیں گردن اور ٹانگ میں شدید تکلیف کا سامنا ہے، پولیس تھانہ صدر کوٹ ادو نے ڈرائیور کو گرفتار کر کے آئل ٹینکر کو اپنی تحویل میں لے لیا ہے، ڈی ایس پی کوٹ ادو جائے حادثہ پر موجود ہیں، ان کی نگرانی میں قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 15

لگے بینر پر ''کرپشن میں ملوث پی ٹی آئی بے نقاب'' لکھا ہے۔ ایک دوسرے بینر پر ''پاکستان کا قرض 80 فیصد بڑھا کر خودمختاری کی باتیں کرنے والا بہروپیا'' تحریر ہے جبکہ ایک بینر پر ''کمیشن ایجنٹ فرح گوگی عوام کا پیسہ لے کر کہاں گئی، عمران خان جواب دو'' تحریر ہے۔ دوسرے بینرز پر بھی سابق وزیراعظم کے خلاف الزامات تحریر ہیں، جن میں 5 سال میں عمران خان کے اثاثوں میں 250 فیصد اضافہ ہوا، میرا تحفہ میری مرضی سرٹیفائیڈ چور، توشہ خانہ کی چوری ریکارڈ پر ہے جو کرنا ہے کرلو، راولپنڈی اسلام آباد کے عوام عمران خان کو مسترد کرتے ہیں تحریر ہیں۔

بقیہ 16

انہیں مقدمات میں جکڑنے اور اختلاف رائے کو کچلنے کی روش کا خاتمہ ضروری ہے۔ اس مقصد کے لئے حکومت ہی نہیں معاشرے کے تمام طبقوں کو متحرک ہونا چاہیے۔ لاہور کی مصروف شاہراہ پر ایاز امیر پر حملہ حکومت اور ضلعی انتظامیہ کے لئے چیلنج ہے۔

بقیہ 17

میں ڈپٹی کمشنر عمران قریشی نے تمام متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایات کیں کہ وہ مویشی منڈیوں میں فراہم کی گئی سہولیات کا وقتاً فوقتاً جائزہ لیں اور عیدالاضحی کے ایام میں قربان کیے جانے والے جانوروں کی باقیات کو شہر سے باہر منتقل کرنے کیلئے تمام انتظامات اور دیگر امور کی کڑی نگرانی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ منڈیوں میں صفائی ستھرائی کو برقرار رکھنے اور ماحولیاتی تحفظ کے لئے قربانی کے جانوروں کو شہری حدود میں لانے پر پابندی عائد ہوگی اور خلاف ورزی کی صورت میں بیوپاریوں کے جانور ضبط کرلئے جائیں گے۔ انہوں نے تمام متعلقہ محکموں سے کہا کہ وہ سیل پوائنٹس پر بیوپاریوں اور خریداروں کے لئے ضروری سہولیات کو فعال رکھنے کیلئے موثر نگرانی کریں جبکہ مویشی منڈیوں کے حوالہ سے حکومت کی جانب سے جاری ایس او پیز پر ہر صورت عمل درآمد یقینی بنائیں۔

بقیہ 18

دوران ایرانی صدر سید ابراہیم رسول ساداتی سے ملاقات کی، دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ سیکورٹی اور دفاعی تعاون کو مضبوط بنانے سمیت دوطرفہ سٹریٹجک دلچسپی کے امور اور علاقائی سلامتی کے ماحول پر تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں جانب سے بامعنی اور دیرپا سیکورٹی اور دفاعی تعاون کی خواہش کا اظہار کیا گیا۔ جنرل ندیم رضا نے ایرانی وزیر دفاع بریگیڈیئر جنرل محمد رضا غرائی اشتیانی، چیف آف جنرل اسٹاف میجر جنرل محمد باقری، کمانڈر انچیف اسلامی انقلابی گارڈ کور میجر جنرل حسین سلامی، ایرانی بحریہ کے سربراہ ریئر ایڈمرل شہرام ایرانی، ایرانی فضائیہ کے بریگیڈیئر جنرل حامد واحدی سے ملاقاتیں کیں، ملاقاتوں میں دونوں ممالک کے درمیان فوجی رابطے کی سطح اور دائرہ کار بڑھانے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا، دونوں جانب سے قرار دیا گیا کہ مشترکہ سرحدیں ''امن اور دوستی کی سرحدیں'' ہونی چاہئیں، ایرانی عسکری قیادت نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ وارانہ مہارت کو سراہا اور دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ان کی قربانیوں کا اعتراف کیا، قبل ازیں جنرل سٹاف ہیڈ کوارٹر پہنچنے پر چاق وچوبند دستے نے جنرل ندیم رضا کو گارڈ آف آنرز پیش کیا گیا۔

بقیہ 19

سی ویو پر دکھانے کیلئے بڑی اسکرین لگانے سے روکنے کے معاملے پر پی ٹی آئی سندھ کے صدر علی زیدی اور پولیس اہلکار میں تلخ کلامی ہوئی ہے اور صورتحال کشیدہ ہونے پر پولیس کی مزید نفری کو سی ویو پر طلب کرلیا گیا۔ اطلاعات کے مطابق پولیس نے اسکریننگ کے سامان والی گاڑی کو سی ویو سے باہر نکالنے کی کوشش کی اس موقع پر پی ٹی آئی کارکنوں نے اپنی ہی گاڑیوں کے ٹائروں کی ہوا نکال دی تاکہ پولیس ان کی گاڑی کو باہر نہ نکال سکے اس موقع پر ایک پولیس اہلکار کی پی ٹی آئی سندھ کے صدر اور سابق وفاقی وزیر علی زیدی سے تلخ کلامی بھی ہوئی جب کہ ایم پی اے شہزاد قریشی کی بھی پولیس کیساتھ تلخ کلامی اور دھکم پیل ہوئی جس کے بعد پی ٹی آئی کارکنوں نے پولیس کے خلاف احتجاج کیا کارکنوں نے پولیس اور سندھ حکومت کے خلاف نعرے لگائے۔ پولیس اہلکاروں کی تحریک انصاف کا ٹرک روکنے کی کوشش اور حالات کشیدہ ہونے پر پولیس کی مزید نفری طلب کرلی تاہم پی ٹی آئی کے پرجوش کارکن تمام رکاوٹیں توڑ کر ایک ٹرک کو اسکرین ایریا میں لے آئے۔ اس حوالے سے پی ٹی آئی کے صوبائی صدر علی زیدی نے الزام عائد کیا ہے کہ ان سے تلخ کلامی کرنے والا اہلکار نشے میں ہے جس کو چیک کرایا جائے۔ دوسری جانب پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ہی سی پولیس اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یہاں بڑی اسکرین لگانے کی اجازت نہیں ہے اور بغیر اجازت نامے کے کسی کو بھی یہاں اسکرین نہیں لگانے دیں گے۔ اسی حوالے سے سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر سندھ حکومت اور پولیس کے اقدام کی مذمت کی ہے۔

بقیہ 20

کے حکم پر دعا زہرا کا مکمل معائنہ کیا گیا ہے۔ کراچی سے لاہور جاکر پسند کی شادی کرنے والی دعا زہرا کے کراچی میں میڈیکل ٹیسٹ کیے گئے، ڈاؤ ڈینٹل کالج میں دعا زہرا کے دانتوں کا ٹیسٹ مکمل کرکے اسے دوبارہ سروسز اسپتال پہنچایا گیا۔ دعا زہرا کے میڈیکل کے موقع پر عمر کے تعین کیلئے سروسز اسپتال میں میڈیکل بورڈ کا اجلاس ہوا۔ ذرائع کے مطابق دعا زہرا کی والدہ میڈیکل بورڈ کے سامنے پیش ہوئیں، بورڈ نے ان سے دعا کی زندگی سے متعلق سوالات کیے جبکہ دعا کے والد کو بھی میڈیکل بورڈ نے طلب کیا تھا۔ میڈیکل بورڈ نے دعا کے والدین کے وکیل جبران ناصر کو بھی طلب کیا تھا۔ اس سے قبل انٹی وائلنٹ کرائم سیل نے دعا زہرا کو تحویل میں لے لیا، خصوصی ٹیم دعا زہرا کو لے کر لاہور سے کراچی پہنچ گئی۔ محکمہ صحت کے مطابق عمر کے تعین کیلئے دعا زہرا کے مختلف ٹیسٹ اور ایکسرے کیے جائیں گے اور اس کے پیدائشی سرٹیفکیٹس اور دیگر دستاویزات بھی چیک کیے جائیں گے۔

بقیہ 21

فیصل سلیم نے کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے حل کیلئے احکامات جاری کیے، ایس پی سیکورٹی فیصل سلیم نے کہا ہے کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔

بقیہ 22

گرفتار کرکے ملزم سے 01کلو 620 گرام چرس برآمد کرلی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے۔ ایس پی راول بابر جاوید جوئیہ نے کہا ہے کہ منشیات جیسے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 23

سے پولیس کا عوام میں امیج بہتر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس اور پریس کے درمیان گہرے روابط سے جرائم پر قابو پانا آسان بناتا ہے صحافی محکمہ پولیس میں موجود کالی بھیڑوں کی نشاندہی کا جو کام کرتے ہیں اس سے کالی بھیڑوں کے خلاف محکمانہ کارروائی سے پولیس کی کارکردگی میں بہتری آتی ہے محکمہ پولیس کا کام جرائم کا خاتمہ ہوتا ہے اور اس مقصد کیلئے پولیس کا عوام کے ساتھ بہتر رویہ اور تعلق ضروری ہے انہوں نے کہا کہ ایف آئی آر کا فوری اندراج پولیس کی بہتر کارکردگی کو ظاہر نہیں کرتا بلکہ بہتر تفتیش کے ذریعے جرائم کے کرداروں کو کیفرکردار تک پہنچانے سے ظاہر ہوتی ہے۔ آر پی او سرگودھا نے کہا کہ تھانوں کے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کرنا میری بنیادی ترجیح ہے کیونکہ اس کے دوررس فوائد ہوتے ہیں انہوں نے کہا کہ کرائم کی شرح کا اندازہ ایف آئی آر کے اندراج سے نہیں بلکہ 15 ایمرجنسی کال سے لگاتا ہے جسے روانہ چیک کیا جارہا ہے اور جس تھانہ کے علاقہ میں کرائم کی شرح زیادہ ہوا ہے سختی سے احکامات جاری کیے جا رہے ہیں۔ آر پی او نے کہا کہ 2017 کے اقدامات سے تھانہ میں عوامی شکایات کا رش کم ہوا ہے کیونکہ عام رپٹ جس کا تعلق کرائم سے نہیں ہوتا اسکے اندراج کیلئے خدمت مراکز قائم ہوئے ہیں اور کرائم کی شکایت یا تفتیش کیلئے ہی لوگ تھانہ میں جاتے ہیں جس سے تھانوں میں 80 فیصد عوام کے رش میں کمی واقع ہوئی ہے کیونکہ صرف 20 فیصد کا تعلق (مدعی یا ملزم) کرائم سے ہوتا ہے آر پی او نے کہا کہ محکمہ پولیس میں 15 سال قبل والی نفری تعینات ہے جس سے کرائم میں واضح کمی ناممکن ہے گورنمنٹ پالیسی کے مطابق تھانوں میں کوئی بھی کانسٹیبل 5سال سے زائد عرصہ تعینات نہیں رہ سکتا اگر کوئی اس سے زائد عرصہ تعینات ہوا تو اسے دوسرے تھانہ ٹرانسفر کردیا جائے گا جرائم کا خاتمہ صرف اور صرف نظام عدل کے رائج ہونے سے ہی ممکن ہے انہوں نے کہا کہ کسی بھی ادارہ میں بہتری کا عمل اوپر سے نیچے جاتا ہے جب کسی بھی ادارے کا ہیڈ ٹھیک ہوگا تو معاملات بہتر سمت میں جاتے ہیں۔

بقیہ 24

مظفرگڑھ پولیس نے 4عدد پسٹل اور ماؤزر برآمد کر کے ملزمان گرفتار کرلیے اور مقدمات درج کرلیے۔ مزید مظفرگڑھ پولیس نے مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مجرمان اشتہاریوں کو فرار کروانے کے جرم میں 3ملزمان، اور 7 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کرلیا اور تمام ملزمان کو حوالات تھانہ بند کردیا۔ اس موقع پر ترجمان پولیس مظفرگڑھ شہباز ظفر کا کہنا تھا کہ پولیس 24 گھنٹے عوام کی جان ومال کی حفاظت کے لیے کوشاں ہے۔ تمام شہریوں کی بلاتفریق جان و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت کرنا پولیس کا اولین فرض ہے۔ مظفرگڑھ پولیس شہریوں کو بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15پر کال کر کے اطلاع دیں۔ اطلاع دینے والے کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

بقیہ 25

سے بچنے کے لیے حکومت کی گائیڈ لائنز پر عمل کرنا ہوگا، ماسک کا استعمال کریں، سماجی فاصلے کو یقینی بنائیں۔ ترجمان وزارت صحت کے مطابق سرکاری دفاتر کیلئے نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کی طرف سے جاری رہنما اصولوں پر عمل کیا جائے، جن میں مکمل ویکسینیشن، ماسک پہننا اور ہاتھوں کو بار بار دھونا شامل ہیں۔ دفتر سمیت ہر جگہ بیٹھنے کے دوران سماجی فاصلہ رکھا جائے، نمازوں سمیت تمام عبادات کے دوران بھی سماجی فاصلہ یقینی بنایا جائے۔ دفاتر کے داخلی راستوں اور واش رومز میں ہینڈ سینیٹائیزر موجود ہونا چاہیے، ہاتھ ملانے سے گریز کیا جائے۔ تمام دفاتر اور عمارتوں کے داخلی راستوں پر ٹمپریچر اور ویکسینیشن کو چیک کیا جائے، کوویڈ کی علامات رکھنے والوں کو دفاتر اور عمارتوں میں داخل نہ ہونے دیا جائے۔ نزلہ، زکام، چھینکوں اور سانس لینے میں مشکل کی صورت میں افراد کا کوویڈ کا پی سی آر یا اینٹی جن ٹیسٹ کروایا جائے، ویکسین یا بوسٹر شاٹ لگوانے کو یقینی بنایا جائے، عمارتوں اور دفاتر میں آنے والوں کو ویکسین لگی ہونی چاہیے اور ان میں کوویڈ کی علامات نہ ہوں۔

بقیہ 26

کے 13سالہ بھائی کو زیادتی کا نشانہ بنایا، صدر بیرونی پولیس نے فوری طور پر مقدمہ درج کرکے ملزم حفیظ کو گرفتار کرلیا، ایس ایچ او نے بتایا کہ متاثرہ لڑکے کا میڈیکل پراسس کروایا جارہا ہے۔ ایس پی صدر احمد زبیر چیمہ نے صدر بیرونی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائیگی، بچوں اور خواتین پر تشدد، زیادتی اور ہراسمنٹ جیسے واقعات ناقابل برداشت ہیں۔

بقیہ 27

الیکشن کمیشن کو خط لکھ دیا جس میں کہا گیا کہ سندھ میں بلدیاتی انتخابات کا دوسرا مرحلہ ملتوی کیا جائے، کورونا کیسز میں اچانک اضافہ ہورہا ہے۔ خط میں کہا گیا کہ سندھ میں حلقہ بندیاں بھی قانونی طور پر ٹھیک نہیں ہیں۔ اسلئے بلدیاتی انتخابات ملتوی کیے جائیں، الیکشن ووٹر لسٹوں کی حتمی فہرست اور کورونا کیسز میں کمی تک سندھ بلدیاتی انتخابات موخر کیے جائیں۔

بقیہ 28

کا دودھ دوہنے کے لئے گھر سے ڈیرہ جاتے ہوئے بیوہ ساس مسرت بی بی کو فائرنگ کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا اور فرار ہوگیا پولیس تھانہ گوجرہ نے مقتولہ کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کردی اور مقتولہ کے بھائی کوثر حسین کی رپورٹ پر مقدمہ قتل درج کر کے مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 29

، صحافی عامر میر، صنعتکار فواد مختار، مسلم لیگ (ن) کے رہنما ملک احمد خان نے بھی والدہ کے انتقال پر تعزیت کی۔ اپٹما کے گروپ لیڈر گوہر اعجاز نے سینئر رہنماؤں کے ہمراہ آصف زرداری سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ 30

بروقت جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ بعدازاں، نائب سربراہ پاک فضائیہ ایئر مارشل محمد زاہد محمود نے کورس شرکاء سے تبادلہ خیال بھی کیا۔

بقیہ 31

نے عمران خان کے جو پوسٹرز لگائے، اسکرین لگائی، وہ سرکاری ٹرکوں پر اتاری گئی اور ان کی جگہ عمران خان کے خلاف نازیبا اسکرین لگائی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ لال حویلی سے پچاس سال کی تاریخ میں ایسا کبھی نہیں ہوا، انتظامیہ اور پولیس مل چکی ہے۔ شیخ رشید نے کہا کہ مقتدر حلقوں اور ایجنسی کو بتانا چاہتا ہوں یہ لڑائی کرنا چاہتے ہیں، تحقیق کی جائے اس کے پیچھے کون ہے، حالات خراب ہوئے یا کوئی نقصان پہنچا امپورٹڈ حکومت ذمہ دار ہوگی۔ سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں کہا کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ آئین اور قانون کی فتح ہے، 17جولائی کی الیکشن میں قوم امپورٹڈ حکومت کی سیاست کو دفن کر دے گی۔ شیخ رشیدنے کہا کہ ایاز امیر سمیت صحافیوں پر حملوں کی مذمت کرتا ہوں، حکومت جلد از جلد ملزموں کو گرفتار کرے۔ انہوں نے کہا کہ لوڈشیڈنگ کے ستائے اور مہنگائی کے مارے لوگ آج پریڈ گراؤنڈ میں ہوں گے۔

بقیہ 32

کے دوران کورونا سے متاثر چار افراد انتقال کرگئے۔ کورونا کے 126 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں ملک بھر میں 18ہزار 305 کورونا ٹیسٹ کئے گئے جس میں 8سو 18 افراد کا کورونا ٹیسٹ مثبت آیا۔ ملک میں کورونا کے مثبت کیسز کی شرح 4.47 فیصد ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 33

7ہزار 477 میگا واٹ ہوگیا۔ بجلی کی مجموعی پیداوار 21ہزار 223 میگاواٹ ہے جبکہ طلب 28 ہزار 700 میگاواٹ ہے۔ ذرائع پاور ڈویژن کا کہنا ہے کہ پانی سے 5 ہزار 500 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے، سرکاری تھرمل پلانٹس ایک ہزار 290 میگاواٹ بجلی پیدا کررہا ہے۔ نجی شعبے کے بجلی گھروں کی مجموعی پیداوار 11ہزار میگاواٹ ہے۔ ونڈ پاور پلانٹس 900 میگاواٹ اور سولر پلانٹس سے پیداوار 122 ہے۔ بگاس سے چلنے والے پلانٹس 120 میگاواٹ بجلی پیدا کر رہے ہیں، جوہری ایندھن سے 2ہزار 291 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے۔ پاور ڈویژن کے ذرائع کے مطابق ملک کے مختلف علاقوں میں 14 گھنٹے تک کی لوڈشیڈنگ ہونے لگی، زیادہ نقصانات والے علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ زیادہ ہے۔

بقیہ 34

کرکے آگے نہیں بڑھ سکتا۔ پی ڈی ایم، پیپلزپارٹی کی حکومت مہنگائی بانٹنے میں مصروف ہے۔ انہوں نے عام آدمی سے سوکھے نوالے بھی چھین لیے ہیں۔ اشیائے ضروریہ کی قیمتیں آسمان پر اور مہنگائی کی وجہ سے غریب عوام زمین پر گرے پڑے ہیں۔ سراج الحق نے کہا کہ قوم کے صبر کا مزید امتحان نہ لیا جائے۔ وقت آگیا ہے کہ ملک کی حکمران اشرافیہ اب خود تھوڑی بہت قربانی دے دیتے ہوئے اپنی مراعات کم کرے۔ ملک سے نوٹوں، لوٹوں اور بوٹوں کی سیاست ختم ہونی چاہیے۔ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں جس مہنگائی کا آغاز ہوا، اتحادی حکومت نے اسے عروج پر پہنچا دیا۔ شرکا سے خطاب کرتے ہوئے سراج الحق نے مزید کہا کہ سودی نظام انسانیت کا قاتل اور خودکش نظام ہے۔ اللہ تعالیٰ سے گزشتہ گناہوں کی توبہ کرکے سودی معیشت کے بجائے اسلامی معاشی نظام کی طرف آنا ہوگا۔

بقیہ 35

ٹی ڈی کے مطابق محکمہ انسداد دہشت گردی نے انٹیلی جنس اطلاعات پر گوجرانوالہ، لاہور، سرگودھا، ملتان اور راولپنڈی میں آپریشن کیا اور 9دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا جبکہ 7مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ گرفتار کیے گئے دہشت گردوں کے قبضے سے بارودی مواد، اسلحہ، خودکش جیکٹس بھی برآمد کی گئیں جبکہ ملزمان مزید تفتیش کی جارہی ہے جس میں اہم معلومات ملنے کی توقع ہے۔ سی ٹی ڈی کی جانب سے کارروائی کے دوران گرفتار کیے گئے دہشت گردوں میں محمد یعقوب، محمد بلال، محمد عارف، ٹی ٹی پی سے امین فاروق، جبکہ داعش سے تعلق رکھنے والے فاروق احمد، محمد آصف شامل ہیں۔

بقیہ 36

وزیرخارجہ بلاول بھٹو کے مطابق ملاقات میں موسمیاتی تبدیلی، صحت، توانائی، تجارت اور سرمایہ کاری کے فریم ورک پر پیش رفت ہوئی۔ وزیر خارجہ نے یو ایس ڈیولپمنٹ فنانس کارپوریشن کو پاکستان میں سرمایہ کاری بڑھانے کے منصوبوں میں شرکت کی دعوت دی۔ دوسری جانب امریکی نمائندہ خصوصی دلاور سید نے وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل سے بھی ملاقات کی۔ ملاقات میں امریکا نے پاکستان میں پن بجلی، ٹیکسٹائل اور زراعت کے شعبوں میں سرمایہ کاری میں دلچسپی ظاہر کی۔ دلاور سید نے سوشل میڈیا پر جاری کردہ بیان میں کہا کہ انہوں نے پاکستان کی اعلیٰ سطح کی قیادت اور سرمایہ کاروں سے ملاقاتیں کیں اور پاک امریکا تجارتی اور معاشی تعلقات مزید گہرے کرنے پر بات چیت کی۔

بقیہ 37

اظہار رائے کی آزادی بنیادی انسانی حقوق کا حصہ ہے جس پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ دریں اثنا بلاول بھٹو زرداری نے کراچی پریس کلب کے سابق صدر امتیاز خان فاران سے ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر بھی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 38

اور ستمبر کے کارگوز کیلئے جاری کیے گئے ہیں۔ جولائی کے لیے دو، اگست کے لیے پانچ کارگوز کے لیے بولیاں طلب کی گئی ہیں۔ جب کہ ستمبر کے لیے 3 کارگوز منگوانے کے لیے بولیاں بھی طلب کرلی گئیں۔ ایل این جی کارگوز کے لیے بولیاں جمع کرانے کی آخری تاریخ 7 جولائی ہے۔

بقیہ 39

جانب سے راولپنڈی کا کرایہ 2250 سے 2350 روپے، فیصل آباد کا کرایہ 1250 سے بڑھا کر 1320، سرگودھا کا کرایہ 1100 سے بڑھا کر 1150، پشاور کا کرایہ 2500 روپے سے بڑھا کر 2650، چوک اعظم کا کرایہ 1850 سے بڑھا کر 2000، مری کا کرایہ 2450 روپے سے بڑھا کر 2500 اور خانیوال کا کرایہ 1650 روپے سے بڑھا کر 1700 روپے کردیا گیا۔

بقیہ 40

لیکن الیکشن میں جاتے تو ملک دیوالیہ ہوجاتا۔ پاکستان کی معیشت اور امن وامان کی صورتحال ساری قیادت کے مل بیٹھ کربات کرنے سے حل ہوگی۔ اسلام آباد میں شہدا پولیس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ عمران خان کی حکومت نے صرف فرح گوگی اور احسن گجر کی تقدیر بدلی۔ ملک کے لیے کچھ کرسکتے تو چار سالوں میں کر لیتے۔ ایک شخص کے علاوہ سب اکٹھے ہیں۔ ایک شخص ہر ایک کو گالی دیتا ہے۔ جس شخص کی آنکھ کے اشارے سے ملک ہل جاتا تھا آج وہ خود ہل بھی نہیں سکتا۔ شہدا کی قربانی قوموں کی تقدیر کو بدلتی ہے۔ شہید کا قرض تو پوری قوم پر ہوتا ہے۔ بعدازاں سیف سٹی منصوبے کے دورے کے بعد وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ سیف سٹی شہر کے صرف 30 فیصد علاقے کو کور کرتا ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر سیف سٹی کی کوریج کو 100 فیصد کرنے کے لیے کام شروع کردیا ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر سیف سٹی کے لیے 40 ملین روپے کی گرانٹ جاری کر رہے ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ 1ارب 22 کروڑ روپے کے فنڈ سے شہدائے پولیس کی فیملیز کے بقایاجات بھی جاری کر رہے ہیں۔ شیخ رشید صبح شام پریس کانفرنس کرتے تھے لیکن شہدا کی فیملیز کا خیال نہیں آیا۔ میں شہدا کے خاندانوں سے معذرت خواہ ہوں جنہیں تکلیف اٹھانی پڑی۔ انہوں نے کہا کہ ہم اسلام آباد پولیس کو 100 بیڈ کا اسپتال دے رہے ہیں اس کے لیے 5ارب روپے کی لاگت آئے گی۔ اس مقصد کے لیے بھی فنڈز جاری کیے جا رہے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف جلد پولیس اسپتال کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ اسلام آباد پولیس کا بڑا مطالبہ تھا کہ پنجاب پولیس کے برابر تنخواہ ہونی چاہیے۔ یہ مطالبہ پورا کردیا گیا ہے۔ ایف سی پولیس کی تنخواہیں بھی کے پی پولیس کے برابر کر دی گئیں۔ ایف سی جوانوں کے راشن الانس میں بھی اضافہ کردیا گیا ہے۔ وزیرداخلہ نے کہا کہ گزشتہ دنوں اسلام آباد پولیس نے خفیہ اداروں کے ساتھ مل کر بدنام زمانہ ڈاکو بلال کو ہلاک کیا، آپریشن میں حصہ لینے والے پولیس اہلکاروں کو انعامات دیے گئے۔ پی ٹی آئی کے جلسے سے متعلق بات کرتے ہوئے وزیرداخلہ نے کہا تھا کہ 25 مئی کو فسادی ٹولے نے اسلام آباد پر حملہ کیا جسے اسلام آباد پولیس، ایف سی اور رینجرز کے جوانوں نے پسپا کیا، ان پر انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ فسادی ٹولے پر صرف آنسو گیس اور ربڑ کی گولیاں استعمال کی گئیں۔ ان کا گلہ تھا کہ آنسو گیس ایکسپائر ہے، وہ پچھلے وزیرداخلہ نے خریدے تھے۔ میرا فسادی ٹولے کو پیغام ہے کہ اب آنسو گیس نئی خرید لی گئی ہے، ان کا شکوہ ختم کردیا ہے۔ ہم نے نظام بنایا ہے جس سے اب کوئی بھی جتھا اسلام آباد ڈی چوک نہیں آسکتا۔

بقیہ 41

کا آغاز اسلام آباد کے سیکٹر G-8/1 میں ہنسا کالونی سے کیا گیا جہاں سرکاری اراضی پر قبضے کی کوشش کو ناکام بناتے ہوئے 2چار دیواریاں بھاری مشینری کی مدد سے مسمار کردی گئیں اور سرکاری اراضی واگزار کرالی گئی۔ اسی طرح کنونشن سینٹر کے قریب بھی شعبہ انفورسمنٹ کی جانب سے بھرپور کارروائیاں عمل میں لائی گئیں اور چار غیر قانونی کھوکوں کو بھاری مشینری کی مدد سے مسمار کردیا گیا جبکہ تجاوزات کنندگان کا 2 ٹرک سامان بھی ضبط کرلیا گیا۔ مزید برآں شعبہ انفورسمنٹ کی جانب سے بری امام کے علاقے محلہ چھجار میں بھی قبضہ مافیا کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائی گئیں جس کے نتیجے میں 2چار دیواروں کو بھاری مشینری کی مدد سے مسمار کردیا گیا۔ اسی طرح چونترہ کے علاقے میں بھی کارروائیوں کے دوران 1چار دیواری، 2 کمرے، 1 کچن، 1واش روم، 1 بھینسوں کا باڑہ بمعہ چار دیواری سمیت زیر زمین واٹر ٹینکر کو بھاری مشینری کی مدد سے مسمار کردیا گیا اور سرکاری اراضی واگزار کرالی گئی۔ علاوہ ازیں شعبہ انفورسمنٹ کی جانب سے اسلام آباد کے علاقے لہتراڑ روڈ میں پنج گراہ کے علاقے میں بھی غیر قانونی تعمیرات کے خاتمے کے لئے کارروائیاں کی گئیں جسکے نتیجے میں 2 کمرے اور 1چار دیواری کو مسمار کردیا گیا۔ اسی طرح پنڈوری گاؤں میں بھی قبضہ مافیا کے خلاف کارروائیوں کے دوران 1 کنال سرکاری پرقائم کی گئی غیر قانونی ڈی پی سی کو بھاری مشینری کی مدد سے مسمار کردیا گیا اور سرکاری اراضی پر قبضے کی کوشش کو ناکام بنادیا گیا۔ اس موقع پر سی ڈی اے انتظامیہ کا کہنا تھا کہ سرکاری اراضی کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے اور قبضہ مافیا سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی اور ان اقدامات کا مقصد اسلام آباد کو غیرقانونی تعمیرات اور تجاوزات سے پاک رکھنا ہے۔

بقیہ 42

رواداری میں بڑا نام تھا۔ اپنے بیان میں حسن مرتضی نے کہا کہ چوہدری شجاعت حسین وضعداری اور رکھ رکھاؤ رکھنے والے آدمی ہیں وہ سیاست کو بند گلی میں نہیں لے جاتے۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ چوہدری پرویز الٰہی نے اپنے خاندان کا نقصان کردیا۔

بقیہ 43

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے جاری کردہ نوٹی فکیشن میں بتایا گیا ہے کہ افغانستان سے کوئلہ، تارکول، پودوں اور پودوں کے اجزاء، پودوں کے بیج، پھل، دارچینی کے بیج، پسی ہوئی اور ثابت دارچینی سمیت تمام اقسام کے سلفر اور شکر قندی پر عائد ڈیوٹی ختم کردی گئی ہے۔ نوٹی فکیشن کے مطابق افغانستان سے برآمد کی گئی ان تمام اشیا پر یکم جولائی 2022 سے کسٹمز ڈیوٹی مکمل طور پر ختم کردی گئی ہے۔

بقیہ 44

مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پتنگ فروش قاسم کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 110 پتنگیں اور 02 ڈوریں برآمد کرکے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ ایس پی راول بابر جاوید جوئیہ نے کہا ہے کہ پتنگ فروشوں اور پتنگ بازوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 45

خان کے احکامات پر انچارج بیگرز اسکواڈ نے اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 44 بھکاریوں کو گرفتار کرکے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروادیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان نے کہا ہے کہ خصوصی بیگر سکواڈ بھرپور محنت کر رہا ہے، پیشہ ور بھکاری راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں پر کھڑے ہو کر نہ صرف ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی اندیشہ بناتے ہیں لہذا عوام سے بھی گزارش ہے کہ ایسے عوامل کی حوصلہ شکنی کی جائے اس سے نہ صرف معاشرے میں بہتری آئے گی بلکہ ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوگی۔

بقیہ 46

درج، پولیس ذرائع کے مطابق مشوری قوم سے تعلق رکھنے والے بدنام زمانہ سودخور کالا مشوری نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ تحصیل کوٹ ادو کے تھانہ دائرہ دین پناہ کی حدود میں احسان پور میں سود کی رقم ادا نہ کرنے پر ایک دوکان پر بیٹھے ہوئے پرہاڑ قوم سے تعلق رکھنے والے 3افراد شعیب، حمزہ اور اشرف کو فائرنگ کر کے جبکہ 9 دیگرافراد کو ڈنڈوں اور سوٹوں کے وار سے لہولہان کر دیا، واضح رہے کہ اپنی غیر قانونی سرگرمیوں اور دنگا فسادی کی عادات کی بنا پر مشوری قوم علاقے میں خوف کی علامت سمجھی جاتی ہے، شدید فائرنگ سے علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا، ڈی پی او مظفرگڑھ کیپٹن (ر) طارق ولائت نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے پنجاب پولیس اور ایلیٹ فورس کے جوانوں پولیس تھانہ صدر کوٹ ادو پولیس تھانہ دارہ دین پناہ پولیس تھانہ سرور شہید پولیس وڈی ایس پی صاحبان کو پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ کاروائی کے لئے بھیجا پولیس کی بھاری نفری نے مشوری برادری کے گھروں کا گھیراؤ کر کے تقریباً آٹھ افراد کو گرفتار کرلیا ہے، ڈی ایس پی کوٹ ادو کا کہنا ہے کہ مشوری برادری اور پرہاڑ برادری میں لین دین کے معاملے پر لڑائی ہوئی ہے جبکہ پرہاڑ برادری کے زخمی افراد کا کہنا ہے کہ وہ سود سمیت اصل رقم بھی ادا کر چکے ہیں لیکن مشوری برادری کے سود خور مزید رقم کا ناجائز مطالبہ کر رہے ہیں اور رقم نہ دینے پر جان سے مارنے کی دھمکیاں دیتے ہیں، اس موقع پر ڈی پی او کا کہنا تھا کہ کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جاسکتی اور قانون شکنی کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

بقیہ 47

پر جنگوں کا مخالف شخص ہوں۔ میں فوجی آپریشن پر یقین نہیں رکھتا۔ انہوں نے کہا کہ جب آپ ایک مسئلہ فوجی آپریشن کے ذریعے حل کرتے ہیں تو کئی اور مسئلے کھڑے ہوجاتے ہیں، اسی طرح یوکرین، عراق اور افغانستان میں ہوا ہے، یہاں کئی اور مسائل پیدا ہوگئے۔ روس یوکرین جنگ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ روس یوکرین کی صورتحال میں میری ذمہ داری تھی کہ میں اپنے لوگوں کے مفاد کا خیال رکھوں۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں روس سے تیل، گیس اور گندم لینا چاہتے ہیں، روس سے ہم گندم امپورٹ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے لوگوں نے اس لیے منتخب کیا کہ میں ان کے مفاد کی بات کروں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم بننے کے بعد آپ کی ترجیح وہ لوگ ہوتے ہیں جنہوں نے آپ کو وزیراعظم بنایا ہوتا ہے۔ عمران خان نے کہا کہ گزشتہ 30 سال میں ہزاروں کشمیریوں کو شہید کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ مغرب نے کشمیریوں پر ہونے والے تشدد پر اسٹینڈ ہی نہیں لیا، پانچ اگست 2019 کو بھارت نے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر پر اقوام متحدہ ہیومن رائٹس کی رپورٹس موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل فلسطین میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی کرتا ہے۔ لیکن اس کی کوئی مذمت نہیں کرتا اور نہ ہی پابندیوں کی بات کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین کے ساتھ ہمارے طویل تعلقات ہیں۔ چین نے پاکستان میں سرمایہ کاری کی ہے، جب میں چین کو سراہتا ہوں تو اس کا مطلب ڈویلپمنٹ ماڈل کو سپورٹ کرنا ہے۔

بقیہ 48

سود لیا جانے لگا۔ ایف آئی اے سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حکام خاموش تفصیل کے مطابق پہلے سود کا کاروبار کرنے والے لوگ اور مائیکروفنانس بنک سود کا دھندہ کرنے میں پیش پیش تھے، اب ایک نیا گروہ متحرک ہوگیا۔ موبائل ایپ کے ذریعے سادہ لوح کنگال ہونے لگے۔ متاثرین محمد خالد، میاں حمزہ، حاجی ریاض، محمد امین، شبیر، ابرار نے بتایا کہ موبائل میں مختلف لون ایپ کے ایڈ آتے ہیں جن کو دیکھتے دیکھتے ہی لون منظور ہوجاتا ہے جس کے بعد اگر کل الفور ہی واپسی کا ارادہ کیا جائے تو 50% مارک آپ وصولی کے ساتھ واپسی کا مطالبہ کیا جاتا ہے، جو کہ سراسر ظلم ہے۔ جبکہ ان کی طرف سے دیا جانے والے وقت پر ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں سود در سود لگ جاتا ہے۔ ساتھ میں فون پر ذلیل الگ سے کیا جاتا ہے۔ مختلف ناموں سے گردش کرنے والی موبائل ایپ میں سب سے زیادہ بروقت لون ایپ نے عوام الناس کو پریشان کیا ہوا ہے، سماجی حلقوں کی طرف سے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے ایف آئی اے سائبر کرائم سیل اور سپریم کورٹ آف پاکستان سے نوٹس لینے کی اپیل ہے۔

بقیہ 49

ہوسکی۔ ذرائع کے مطابق بھارت نے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے 540 میگاواٹ بجلی کی پیداوار کیلئے پراجیکٹ کو مذکورہ نہری پانی فراہم کر رہا ہے۔ مرالہ راوی لنک میں ہر سال 14اپریل کو پانی رواں ہوجاتا تھا تاہم اب کئی ماہ کی تاخیر کے باوجود زمیندار طبقہ انتہائی پریشان ہے جبکہ ڈیزل کی قیمتیں کئی گنا بڑھ جانے سے زمیندار ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے ہیں۔ مذکورہ نہر کے پانی کی اشد ضرورت کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ صرف ضلع سیالکوٹ کا ایک لاکھ اڑتالیس ہزار رقبہ اس نہر کے پانی سے سیراب کیا جاتا ہے اور بہاولپور اور بہاولنگر تک نہری پانی جوراوی اور ستلج کے ذریعے پہنچتا ہے کئی ماہ سے چاول کی کاشت کیلئے پریشان ہیں مزید تاخیر سے سیزن بھر کی کمائی سے ہزاروں زمینداروں کا معاشی قتل ہوگا۔ مذکورہ اضلاع کے زمینداروں نے حکومت سے اس معاملے پر توجہ دینے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 50

کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں تین دہشت گرد مارے گئے جب کہ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک ہونے والے دہشت گرد سیکورٹی فورسز کے خلاف کارروائیوں میں سرگرم تھے۔

بقیہ 51

ہے۔ ہم بہادر نوجوانوں کے ساتھ کھڑے ہے تیراہ میدان میں دہشتگردی کی مذمت کرتے ہے۔ دہشتگردوں کی بزدلانہ کاروائیاں پاکستانی قوم کی حوصلے پست نہیں کرسکتے ہے۔ ہم وطن عزیز کی دفاع کیلئے سیکورٹی اداروں کے ساتھ ہر قسم قربانی دینے کیلئے تیار کھڑا ہے زخمی ہونے والے اہلکاروں کو جلد از جلد صحت یاب کے لئے دعا کی گئی

بقیہ 52

تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں وزیراعلی حمزہ شہباز، مریم نواز، خواجہ سعد رفیق، سردار ایاز صادق، علیم خان، ملک احمد خان اور عطا تارڑ سمیت دیگر سینئر رہنماؤں نے شرکت کی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں 17جولائی کو پنجاب کے مختلف حلقوں میں ہونے والے ضمنی انتخابات کے لائحہ عمل بارے مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں لیگی رہنماؤں کو ضمنی انتخابات کے حوالے سے اہم ٹاسک سونپ دیئے گئے، مریم نواز کو لاہور سمیت پنجاب بھر کے حلقوں میں انتخابی مہم چلانے کی ہدایت کی گئی۔ خواجہ سعد رفیق، ایاز صادق اور علیم خان کو لاہور کے چاروں حلقوں میں ضمنی انتخابات کی نگرانی کی ہدایت دی گئی۔ ذرائع کے مطابق حمزہ شہباز صرف انتخابی مہم کی نگرانی کریں گے تاہم وہ الیکشن کمیشن کے ضابطہ اخلاق کے مطابق انتخابی مہم میں حصہ نہیں لیں گے۔ ذرائع کے مطابق حمزہ شہباز کو تمام حلقوں میں پارٹی کے ناراض اراکین اور گروپوں سے رابطوں کی ہدایت بھی کی گئی۔ عید الاضحیٰ کے بعد لیگی اراکین کو ضمنی انتخابات کے لئے زیادہ متحرک کرنے اور پولنگ کے دن کی حکمت عملی کو حتمی شکل دینے کی بھی ہدایات جاری کی گئیں۔

بقیہ 53

کی شدت 6.1 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلے کا مرکز ایران میں بندر گالنگہ تھا۔ جب کہ اس کی زیر زمین گہرائی 10 کلومیٹر تھی۔ زلزلے سے ایران میں 5افراد ہلاک جب کہ 8زخمی ہوئے ہیں، امدادی ٹیموں کی جانب سے ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ بھی ظاہر کیا گیا ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ زلزلے کا مرکز بندرگاہ لنگہ اماراتی ریاست شارجہ سے 150 کلومیٹر کی دوری پر ہے۔ ایران کے خلیج فارس کے ساحل پر صوبہ ہرمزگان کے ایمرجنسی مینجمنٹ کے سربراہ مہرداد حسن زادہ نے ہلاکتوں کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ بدقسمتی سے اب تک ہمارے پاس تین افراد ہلاک اور آٹھ زخمی ہوچکے ہیں۔ ایرانی میڈیا کا کہنا ہے کہ زلزلے کی شدت 6.1 تھی، جب کہ یورپی میڈیٹرینین سیسمولوجیکل سینٹر نے اسے 6.0 بتایا۔ یورپی مانیٹرنگ گروپ نے بتایا کہ زلزلہ 10 کلومیٹر کی گہرائی میں یا صرف چھ میل سے زیادہ تھا۔ یو اے ای کے نیشنل سینٹر آف میٹرولوجی کے مطابق، زلزلہ صبح 1.32 بجے جنوبی ایران کے شہر بندر خمیر کے قریب آیا، جس کی گہرائی 10 کلومیٹر تھی۔ دبئی، شارجہ اور ملحقہ علاقوں میں فی الحال کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ معروف ٹی وی اینکر اور گلوکار فخر عالم کی جانب سے بھی مائیکرو وبلاگنگ سائٹ پر زلزلے کی ویڈیو شیئر کی گئی، جس میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ان کے کمرے میں چھت سے لٹکا لیمپ کس شدت سے ہل رہا ہے۔ ویڈیو کیساتھ فخر عالم کا لکھنا تھا کہ یہ زلزلہ تمام زلزلوں کا ماں تھا اور گزشتہ 20 سالوں میں اس سے زیادہ طاقت ور زلزلہ محسوس نہیں کیا۔ اس موقع پر سب کیلئے دعا کرتے ہوئے فخر عالم کا کہنا تھا کہ اللہ سب کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔

بقیہ 54

کے حکم میں ترمیم کر رہے ہیں۔ سپریم کورٹ کے جاری کردہ حکمنامے کے مطابق وزیراعلیٰ کے انتخاب کا سیکنڈ پول قانون کے مطابق ہوگا، وزیراعلیٰ پنجاب کے انتخاب کے سیکنڈ پول کو ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی چیئر کریں گے، اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر پول کے بعد باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کریں گے۔ سپریم کورٹ کا تحریری حکم نامہ میں کہا گیا کہ وزیراعلیٰ حمزہ شہباز اور ان کی کابینہ عدالت کو کرائی گئی یقین دہانی کے مطابق صاف شفاف انتخاب کرائیں گے، پنجاب کے عوام کو نمائندگی اور گورننس کے حقوق کے لیے وزیراعلیٰ اپنی ذمہ داری پوری کریں۔ تحریری حکم نامہ میں کہا گیا کہ وزیراعلیٰ کی ذمہ داری آئینی خلاء کو پر کرنے کے لیے 22 جولائی تک ہوگی، وزیراعلیٰ اور ان کی کابینہ کی ذمہ داری آرٹیکل 130 کی شق 2 کے تحت 22 جولائی تک محدود ہوگی۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ لاہور ہائیکورٹ اپنے 27 مئی 2022 کے مختصر فیصلے کی تفصیلات آج سے ایک ہفتے کے بعد جاری کرے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز عدالت عظمیٰ نے وزیراعلیٰ پنجاب کے انتخاب سے متعلق مقدمہ میں فریقین کے اتفاق رائے سے 22 جولائی کو رائے شماری کا دن مقرر کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ 17 جولائی کو صوبائی اسمبلی کی 20 نشستوں پر ضمنی انتخاب کے بعد 22 جولائی کو وزیراعلیٰ کا انتخاب منعقد ہوگا اور اس دوران حمزہ شہباز بطور وزیراعلیٰ پنجاب کام جاری رکھیں گے۔

بقیہ 55

گیا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو بڑھا کر لیوی ٹیکس بھی لگا دیا گیا ہے، عالمی سطح پر پیٹرول سستا ہو رہا ہے مگر پاکستان میں مسلسل مہنگا کیا جا رہا ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کے ہوشربا اضافے سے مہنگائی کا طوفان آچکا ہے، عام آدمی کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے، حکومت ریلیف دینے میں ناکام ہو چکی ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ پیٹرولیم مصنوعات میں اضافہ آئین کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے، استدعا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے اضافے پر حکم امتناعی جاری کیا جائے اور عدالت قیمتوں کے تعین کے لیے حکومتی میکنزم سے متعلق وضاحت طلب کرے۔

بقیہ 56

سے پولیس کا عوام میں امیج بہتر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس اور پریس کے درمیان گہرے روابط سے جرائم پر قابو پانا آسان بناتا ہے صحافی محکمہ پولیس میں موجود کالی بھیڑوں کی نشاندہی کا جو کام کرتے ہیں اس سے کالی بھیڑوں کے خلاف محکمانہ کارروائی سے پولیس کی کارکردگی میں بہتری آتی ہے محکمہ پولیس کا کام جرائم کا خاتمہ ہوتا ہے اور اس مقصد کیلئے پولیس کا عوام کے ساتھ بہتر رویہ اور تعلق ضروری ہے انہوں نے کہا کہ ایف آئی آر کا فوری اندراج پولیس کی بہتر کارکردگی کو ظاہر نہیں کرتا بلکہ بہتر تفتیش کے ذریعے جرائم کے کرداروں کو کیفرکردار تک پہنچانے سے ظاہر ہوتی ہے۔ آر پی او سرگودھا نے کہا کہ تھانوں کے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کرنا میری بنیادی ترجیح ہے کیونکہ اس کے دوررس فوائد ہوتے ہیں انہوں نے کہا کہ کرائم کی شرح کا اندازہ ایف آئی آر کے اندراج سے نہیں بلکہ 15 ایمرجنسی کال سے لگاتا ہے جسے روانہ چیک کیا جارہا ہے اور جس تھانہ کے علاقہ میں کرائم کی شرح زیادہ ہوا ہے سختی سے احکامات جاری کیے جا رہے ہیں۔ آر پی او نے کہا کہ 2017 کے اقدامات سے تھانہ میں عوامی شکایات کا رش کم ہوا ہے کیونکہ عام رپٹ جس کا تعلق کرائم سے نہیں ہوتا اسکے اندراج کیلئے خدمت مراکز قائم ہوئے ہیں اور کرائم کی شکایت یا تفتیش کیلئے ہی لوگ تھانہ میں جاتے ہیں جس سے تھانوں میں 80 فیصد عوام کے رش میں کمی واقع ہوئی ہے کیونکہ صرف 20 فیصد کا تعلق (مدعی یا ملزم) کرائم سے ہوتا ہے آر پی او نے کہا کہ محکمہ پولیس میں 15 سال قبل والی نفری تعینات ہے جس سے کرائم میں واضح کمی ناممکن ہے گورنمنٹ پالیسی کے مطابق تھانوں میں کوئی بھی کانسٹیبل 5سال سے زائد عرصہ تعینات نہیں رہ سکتا اگر کوئی اس سے زائد عرصہ تعینات ہوا تو اسے دوسرے تھانہ ٹرانسفر کردیا جائے گا جرائم کا خاتمہ صرف اور صرف نظام عدل کے رائج ہونے سے ہی ممکن ہے انہوں نے کہا کہ کسی بھی ادارہ میں بہتری کا عمل اوپر سے نیچے جاتا ہے جب کسی بھی ادارے کا ہیڈ ٹھیک ہوگا تو معاملات بہتر سمت میں جاتے ہیں۔

بقیہ 57

تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں وزیراعلی حمزہ شہباز، مریم نواز، خواجہ سعد رفیق، سردار ایاز صادق، علیم خان، ملک احمد خان اور عطا تارڑ سمیت دیگر سینئر رہنماؤں نے شرکت کی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں 17جولائی کو پنجاب کے مختلف حلقوں میں ہونے والے ضمنی انتخابات کے لائحہ عمل بارے مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں لیگی رہنماؤں کو ضمنی انتخابات کے حوالے سے اہم ٹاسک سونپ دیئے گئے، مریم نواز کو لاہور سمیت پنجاب بھر کے حلقوں میں انتخابی مہم چلانے کی ہدایت کی گئی۔ خواجہ سعد رفیق، ایاز صادق اور علیم خان کو لاہور کے چاروں حلقوں میں ضمنی انتخابات کی نگرانی کی ہدایت دی گئی۔ ذرائع کے مطابق حمزہ شہباز صرف انتخابی مہم کی نگرانی کریں گے تاہم وہ الیکشن کمیشن کے ضابطہ اخلاق کے مطابق انتخابی مہم میں حصہ نہیں لیں گے۔ ذرائع کے مطابق حمزہ شہباز کو تمام حلقوں میں پارٹی کے ناراض اراکین اور گروپوں سے رابطوں کی ہدایت بھی کی گئی۔ عید الاضحیٰ کے بعد لیگی اراکین کو ضمنی انتخابات کے لئے زیادہ متحرک کرنے اور پولنگ کے دن کی حکمت عملی کو حتمی شکل دینے کی بھی ہدایات جاری کی گئیں۔

بقیہ 58

کی شدت 6.1 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلے کا مرکز ایران میں بندر گالنگہ تھا۔ جب کہ اس کی زیر زمین گہرائی 10 کلومیٹر تھی۔ زلزلے سے ایران میں 5افراد ہلاک جب کہ 8زخمی ہوئے ہیں، امدادی ٹیموں کی جانب سے ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ بھی ظاہر کیا گیا ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ زلزلے کا مرکز بندرگاہ لنگہ اماراتی ریاست شارجہ سے 150 کلومیٹر کی دوری پر ہے۔ ایران کے خلیج فارس کے ساحل پر صوبہ ہرمزگان کے ایمرجنسی مینجمنٹ کے سربراہ مہرداد حسن زادہ نے ہلاکتوں کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ بدقسمتی سے اب تک ہمارے پاس تین افراد ہلاک اور آٹھ زخمی ہوچکے ہیں۔ ایرانی میڈیا کا کہنا ہے کہ زلزلے کی شدت 6.1 تھی، جب کہ یورپی میڈیٹرینین سیسمولوجیکل سینٹر نے اسے 6.0 بتایا۔ یورپی مانیٹرنگ گروپ نے بتایا کہ زلزلہ 10 کلومیٹر کی گہرائی میں یا صرف چھ میل سے زیادہ تھا۔ یو اے ای کے نیشنل سینٹر آف میٹرولوجی کے مطابق، زلزلہ صبح 1.32 بجے جنوبی ایران کے شہر بندر خمیر کے قریب آیا، جس کی گہرائی 10 کلومیٹر تھی۔ دبئی، شارجہ اور ملحقہ علاقوں میں فی الحال کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ معروف ٹی وی اینکر اور گلوکار فخر عالم کی جانب سے بھی مائیکرو وبلاگنگ سائٹ پر زلزلے کی ویڈیو شیئر کی گئی، جس میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ان کے کمرے میں چھت سے لٹکا لیمپ کس شدت سے ہل رہا ہے۔ ویڈیو کیساتھ فخر عالم کا لکھنا تھا کہ یہ زلزلہ تمام زلزلوں کا ماں تھا اور گزشتہ 20 سالوں میں اس سے زیادہ طاقت ور زلزلہ محسوس نہیں کیا۔ اس موقع پر سب کیلئے دعا کرتے ہوئے فخر عالم کا کہنا تھا کہ اللہ سب کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔

بقیہ 59

کے حکم میں ترمیم کر رہے ہیں۔ سپریم کورٹ کے جاری کردہ حکمنامے کے مطابق وزیراعلیٰ کے انتخاب کا سیکنڈ پول قانون کے مطابق ہوگا، وزیراعلیٰ پنجاب کے انتخاب کے سیکنڈ پول کو ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی چیئر کریں گے، اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر پول کے بعد باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کریں گے۔ سپریم کورٹ کا تحریری حکم نامہ میں کہا گیا کہ وزیراعلیٰ حمزہ شہباز اور ان کی کابینہ عدالت کو کرائی گئی یقین دہانی کے مطابق صاف شفاف انتخاب کرائیں گے، پنجاب کے عوام کو نمائندگی اور گورننس کے حقوق کے لیے وزیراعلیٰ اپنی ذمہ داری پوری کریں۔ تحریری حکم نامہ میں کہا گیا کہ وزیراعلیٰ کی ذمہ داری آئینی خلاء کو پر کرنے کے لیے 22 جولائی تک ہوگی، وزیراعلیٰ اور ان کی کابینہ کی ذمہ داری آرٹیکل 130 کی شق 2 کے تحت 22 جولائی تک محدود ہوگی۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ لاہور ہائیکورٹ اپنے 27 مئی 2022 کے مختصر فیصلے کی تفصیلات آج سے ایک ہفتے کے بعد جاری کرے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز عدالت عظمیٰ نے وزیراعلیٰ پنجاب کے انتخاب سے متعلق مقدمہ میں فریقین کے اتفاق رائے سے 22 جولائی کو رائے شماری کا دن مقرر کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ 17 جولائی کو صوبائی اسمبلی کی 20 نشستوں پر ضمنی انتخاب کے بعد 22 جولائی کو وزیراعلیٰ کا انتخاب منعقد ہوگا اور اس دوران حمزہ شہباز بطور وزیراعلیٰ پنجاب کام جاری رکھیں گے۔

بقیہ 60

لیکن الیکشن میں جاتے تو ملک دیوالیہ ہوجاتا۔ پاکستان کی معیشت اور امن وامان کی صورتحال ساری قیادت کے مل بیٹھ کربات کرنے سے حل ہوگی۔ اسلام آباد میں شہدا پولیس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ عمران خان کی حکومت نے صرف فرح گوگی اور احسن گجر کی تقدیر بدلی۔ ملک کے لیے کچھ کرسکتے تو چار سالوں میں کر لیتے۔ ایک شخص کے علاوہ سب اکٹھے ہیں۔ ایک شخص ہر ایک کو گالی دیتا ہے۔ جس شخص کی آنکھ کے اشارے سے ملک ہل جاتا تھا آج وہ خود ہل بھی نہیں سکتا۔ شہدا کی قربانی قوموں کی تقدیر کو بدلتی ہے۔ شہید کا قرض تو پوری قوم پر ہوتا ہے۔ بعدازاں سیف سٹی منصوبے کے دورے کے بعد وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ سیف سٹی شہر کے صرف 30 فیصد علاقے کو کور کرتا ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر سیف سٹی کی کوریج کو 100 فیصد کرنے کے لیے کام شروع کردیا ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر سیف سٹی کے لیے 40 ملین روپے کی گرانٹ جاری کر رہے ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ 1ارب 22 کروڑ روپے کے فنڈ سے شہدائے پولیس کی فیملیز کے بقایاجات بھی جاری کر رہے ہیں۔ شیخ رشید صبح شام پریس کانفرنس کرتے تھے لیکن شہدا کی فیملیز کا خیال نہیں آیا۔ میں شہدا کے خاندانوں سے معذرت خواہ ہوں جنہیں تکلیف اٹھانی پڑی۔ انہوں نے کہا کہ ہم اسلام آباد پولیس کو 100 بیڈ کا اسپتال دے رہے ہیں اس کے لیے 5ارب روپے کی لاگت آئے گی۔ اس مقصد کے لیے بھی فنڈز جاری کیے جا رہے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف جلد پولیس اسپتال کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ اسلام آباد پولیس کا بڑا مطالبہ تھا کہ پنجاب پولیس کے برابر تنخواہ ہونی چاہیے۔ یہ مطالبہ پورا کردیا گیا ہے۔

پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان دوطرفہ تجارت میں اضافہ

پاکستان اور بنگلہ دیش کو ایک دوسرے کے حریف بننے کی بجائے ترقی کے سفر میں ایک دوسرے کی مدد کرنا ہوگی

یہ بات پاکستان میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر ایم ڈی روح العالم صدیقی نے فیصل آباد چیمبر میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی

فیصل آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان دوطرفہ تجارت میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے اور توقع ہے کہ اس سال ہماری دوطرفہ تجارت 1 ارب ڈالر سے تجاوز کر جائے گی۔ یہ بات پاکستان میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر ایم ڈی روح العالم صدیقی نے فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ پاکستان بنگلہ دیش کیلئے تجارتی حوالے سے بہت اہم ہے اور ہمیں ایک دوسرے کے حریف بننے کی بجائے ترقی کے سفر میں ایک دوسرے کی مدد کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں میں تجارتی پوٹینشل بہت زیادہ ہے اور ہمیں اس سے بھرپور فائدہ اٹھانا ہوگا۔ بنگلہ دیش پاکستان کے تعاون سے فوڈ پروسیسنگ، ڈیری اور ٹیکسٹائل کے شعبہ میں بھی تعاون کا خواہاں ہے اگرچہ بنگلہ دیش میں کپاس کی ایک گانٹھ بھی پیدا نہیں ہوتی مگر گارمنٹس کی برآمد میں ہم چین کے بعد دوسرے نمبر پر ہیں۔

کوٹری ڈاؤن اسٹریم میں پانی کی شدید قلت، ڈیلٹا تباہی کے دہانے پر

تربیلا پر پانی کی آمد 1لاکھ 8ہزار 800، اخراج 1لاکھ 20ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا

کراچی (این این آئی) سکھر بیراج پر پانی کی آمد میں 7ہزار کیوسک کی ریکارڈ کی گئی، کوٹری ڈاؤن اسٹریم میں پانی کی مسلسل اور شدید قلت کے باعث ڈیلٹا تباہی کے دہانے پر ہے۔ تفصیلات کے مطابق گڈو بیراج پر پانی کے بہاؤ میں گزشتہ 24 گھنٹے میں 9ہزار کیوسک کمی واقع ہوئی ہے، سکھر بیراج پر پانی کی آمد میں 7 ہزار کیوسک کمی ریکارڈ کی (بقیہ نمبر 1)

حج کا خطبہ براہ راست 14 زبانوں میں نشر کرنے کا اعلان

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) حرمین الشریفین انتظامیہ کے سربراہ اعلی شیخ ڈاکٹر عبدالرحمن السدیس نے کہا ہے کہ میدان عرفات سے حج کا خطبہ براہ راست 14 زبانوں میں نشر کیا جائے گا جو 15 کروڑ افراد تک پہنچے گا۔ عرب میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈاکٹر السدیس نے یہ اعلان انتظامیہ کے اعلی عہدیداروں کی موجودگی میں کرتے ہوئے بتایا کہ جدید ترین ٹیکنالوجی اور آلات کے ذریعے حج کا (بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی: ڈپٹی کمشنر راولپنڈی طارق فاروق اور اے ڈی سی جی قاسم اعجاز فروٹ و سبزی منڈی کے دورے کے موقع پر قیمتوں اور معیار کا جائزہ لے رہے ہیں

مظفرگڑھ، خانہ بدوشوں کی بھیڑ بکریوں کو مبینہ طور پر کسی نے زہر دیدیا، 30 بھیڑ بکریاں ہلاک

مظفرگڑھ (محمد رمضان ہاشمی) مظفرگڑھ کے علاقے سبزی منڈی روڈ کے عقب میں خانہ بدوشوں کی بھیڑ بکریوں کو مبینہ طور پر کسی نے زہر دے دیا 30 کے قریب بھیڑ بکریاں ہلاک ہوگئی۔ میونسپل کارپوریشن نے تلف کردیں۔ جبکہ مقامی پولیس نے (بقیہ نمبر 3)

کلرسیداں پولیس کی شراب سپلائر کیخلاف کارروائی، ملزم گرفتار

ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، ایس پی صدر احمد زنیر چیمہ

راولپنڈی (این این آئی) کلرسیداں پولیس نے شراب سپلائر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزم گرفتار کرکے 100 بوتل شراب برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق کلرسیداں پولیس نے شراب سپلائر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزم کبیر احمد کو گرفتار کرکے ملزم سے 100 بوتل شراب برآمد کرلی، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم کے دیگر سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا۔ ایس پی صدر احمد زنیر چیمہ نے ایس ایچ او کلرسیداں اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، منشیات (بقیہ نمبر 4)

ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی والدہ عصمت صدیقی انتقال کرگئیں

کراچی (این این آئی) امریکا میں قید پاکستانی خاتون سائنسدان ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی والدہ عصمت صدیقی انتقال کرگئیں، اہل خانہ نے بھی انتقال کی تصدیق کردی ہے۔ اہل خانہ کے مطابق عصمت صدیقی کافی عرصہ سے علیل تھیں۔ خیال رہے کہ پاکستانی خاتون ڈاکٹر عافیہ صدیقی ایک سائنسدان ہیں جو امریکا کی ایک جیل میں 86 سال قید کی سزا بھگت رہی ہیں، ان پر افغانستان میں امریکی فوجیوں پر حملے کا الزام ہے۔ مارچ 2003 میں دہشت گرد تنظیم القاعدہ کے اہم کمانڈر اور نائن الیون حملوں کے مبینہ ماسٹر مائنڈ خالد شیخ محمد کی گرفتاری کے بعد ڈاکٹر عافیہ صدیقی اپنے 3 بچوں کے ہمراہ کراچی سے لاپتہ ہوگئیں تھی۔ جس کے بعد 2008 میں امریکی حکومت نے (بقیہ نمبر 5)

پبلک اشوز ریزولونگ کونسل کا بجلی کی لوڈشیڈنگ کیخلاف احتجاج

کے الیکٹرک کی طویل لوڈشیڈنگ اور حکومتی خاموشی مجرمانہ غفلت ہے، زاہد بھٹہ ودیگر

ملیر (سٹاف رپورٹر) بجلی کی لوڈشیڈنگ کیخلاف سماجی تنظیم پبلک اشوز ریزولونگ کونسل کی سربراہی میں ملیر کے مختلف سیاسی، سماجی تنظیموں کی جانب سے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاج میں پیپلز پارٹی، جی یو آئی، پی ٹی آئی، مسلم لیگ ن، اے این پی سمیت سماجی تنظیم کے رہنماؤں نے ملیر پریس کلب کراچی پر احتجاجی مظاہرہ میں حصہ لیا۔ اس موقع مظاہرین زاہد بھٹہ، قاری حمد اللہ حقانی، مولانا اسداللہ، عظمت اللہ لونڈ بلوچ، علی محمد گبول، حاجی بنوت خان، زرولی خان، عمیر شاہد، عمر رفیق، نور حسین، محراب بلوچ، دلشاد میرجت و دیگر نے کہا کہ کے الیکٹرک کی طرف سے ہمارے علاقوں میں 14 (بقیہ نمبر 6)

بجلی کی لوڈشیڈنگ کیخلاف سماجی تنظیم پبلک اشوز ریزولونگ کونسل کی سربراہی میں ملیر کے مختلف سیاسی، سماجی تنظیموں کیجانب سے احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

فواد چوہدری کی 4 ارب ڈالرز کی مفاہمتی یادداشت پر عمل نہ ہو سکا

مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے 6 ماہ بعد تک فواد چوہدری کے پاس سائنس و ٹیکنالوجی کا قلمدان رہا لیکن پریس کانفرنس کے بعد کوئی عملی کام نہیں ہوا

مفاہمتی یادداشت اصل میں ایک غلط فہمی ثابت ہوئی کیونکہ فواد چوہدری کے پاس اس یادداشت پر دستخط کرنے کے اختیارات نہیں تھے

اسلام آباد (اے ایف بی) پی ٹی آئی حکومت کے دوران اس وقت کے وفاقی وزیر فواد چوہدری کی 4 ارب ڈالرز کی مفاہمتی یادداشت پر عمل نہ ہوسکا۔ اکتوبر 2020 میں اس وقت کے وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے برطانوی کمپنی کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کے بعد اعلان کیا کہ 4 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری آرہی ہے، بجلی پر چلنے والی بسیں لا رہے ہیں۔ مفاہمتی (بقیہ نمبر 7)

ٹرین زیادتی کیس، تینوں ملزمان کیخلاف چالان منظور

گرفتار تین ملزمان کا ڈی این اے متاثرہ خاتون سے میچ کر گیا ہے

کراچی (این این آئی) بہاالدین زکریا ایکسپریس میں خاتون سے اجتماعی زیادتی کیس میں عدالت نے تینوں ملزمان کے خلاف کیس کا چالان منظور کرلیا۔ جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی میں بہاالدین زکریا ایکسپریس میں خاتون سے اجتماعی زیادتی کیس پر سماعت ہوئی، اس دوران عدالت میں ملزمان کے خلاف چالان پیش کیا گیا۔ چالان کے متن (بقیہ نمبر 10)

خواتین کو ووٹ ڈالنے سے روکنے پر قانونی کارروائی ہوگی، چیف الیکشن کمشنر

کوئٹہ (این این آئی) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے واضح کیا ہے کہ خواتین کو ووٹ ڈالنے سے روکنے پر قانونی کارروائی کی جائے گی۔ ری پولنگ کے عمل پر چیف الیکشن کمشنر نے واضح پیغام دیا کہ عوام بیخوف وخطر اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں، پولنگ کے عمل کے دوران کسی بھی خلاف ورزی پر ایکشن لیا جائے گا، انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ خواتین کو ووٹ ڈالنے (بقیہ نمبر 8)

ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود 0332-5683901 0345-5259129
مکینک ظفر اقبال 0343-6818018

DRESS HOT.COM
Ladies Under Garments
CEO
Kashf Abeer
0334-6096444
COLLECTION
بوتیک سٹائل
زنانہ اور بچگانہ
برانڈڈ 2 پیس اور 3 پیس
نیازی ٹاؤن ملت کالونی گلی نمبر 21، راولپنڈی

مالی سال 2021-22 کے آخری ماہ توقعات سے زیادہ مہنگائی ریکارڈ

اسلام آباد (بیورو چیف) حکومت کی طرف سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 100 روپے کے لگ بھگ اضافے کی وجہ سے اشیاء ضروریہ کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، دکانداروں نے پٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے کا بہانہ بنا کر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کردیا، سرکاری ریٹ لسٹیں محض کاغذ کا ٹکڑا بن کررہ گئیں۔

ناجائز مراسم کے شبہ میں بھائی نے بھائی کی شہ رگ کاٹ کر موت کے گھاٹ اتار دیا

جڑانوالہ (نامہ نگار) ناجائز مراسم کے شبہ میں بھائی نے بھائی کی شہ رگ کاٹ کر موت کے گھاٹ اتار دیا، واقعہ چک نمبر 119 اور 120 گ ب کے درمیان پیش آیا، بتایا گیا ہے کہ تھانہ صدر جڑانوالہ کے نواحی گاؤں چک نمبر 119 اور 120 گ ب کے درمیان بھائی نے بھائی کی شہ رگ کاٹ کر موت کے گھاٹ اتار دیا اطلاع پر پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کیلئے ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کیا پولیس کے مطابق ملزم عبدالغفور کو شک تھا کہ اسکے مقتول بھائی نے اسکی بیوی کے ساتھ مبینہ طور پر ناجائز مراسم قائم کر رکھے تھے پولیس نے (بقیہ نمبر 9)



لاہور: ریلوے اسٹیشن پر گھروں کو جانے والے مسافروں کا رش

سی پی او راولپنڈی کا کہوٹہ کے مختلف علاقوں کا دورہ

راولپنڈی پولیس امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے ہر ممکنہ اقدامات کررہی ہے، شہزاد ندیم

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سی پی او راولپنڈی نے کہوٹہ کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا، سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے ضمنی انتخابات کے حوالے سے قائم کئے جانے والے مختلف پولنگ اسٹیشنز کا بھی جائزہ لیا، سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اور امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے ہر ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری نے کہوٹہ کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان، ایس پی صدر احمد زنیر چیمہ، ایس پی سیکورٹی فیصل سلیم، ایس ڈی پی او کہوٹہ اور دیگر افسران بھی سی پی او کے ہمراہ تھے۔

دنیاپور، لڑکی سے مبینہ زیادتی کے واقعے پر 4 افراد کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا

دنیاپور (این این آئی) دنیاپور میں لڑکی سے مبینہ زیادتی کے واقعے پر 4 افراد کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق میڈیکل رپورٹ میں لڑکی سے زیادتی کی تصدیق ہوئی ہے، مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق دیگر ملزمان کی تلاش شروع کردی گئی۔

راولپنڈی: ڈپٹی کمشنر طارق فاروق شہر کے مختلف علاقوں کے دورہ کے موقع پر انسداد پولیو مہم کے سلسلہ میں جاری ویکسی نیشن مہم کا جائزہ لے رہے ہیں

مظفرگڑھ، محکمہ انہار کی نااہلی، مردہ جانور پانی میں موجود

عملہ غیب کسانوں کا ایکسین انہار مظفرگڑھ سے نوٹس لینے کا مطالبہ

مظفرگڑھ (طارق عزیز) محکمہ انہار کی نااہلی سب ڈویژن خان گڑھ کے مائنر کمال پور کھوکھر واہ کے نالہ میں مردہ جانوروں کی سلیمانی والا دری پر ٹیل بند کسانوں کو شدید مشکلات کا سامنا تفصیل کے مطابق محکمہ انہار کی نااہلی اور غفلت کام چور بیلدار غیب، مردہ جانور پانی میں موجود، عملہ غیب کسانوں کا ایکسین انہار مظفرگڑھ سے نوٹس لینے کا مطالبہ، علاقے (بقیہ نمبر 12)

مظفرگڑھ میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کامیاب کارروائی

ملاوٹی دودھ سے لدی گاڑی پکڑلی، 1750 لیٹر ملاوٹی دودھ تلف کردیا گیا، شعیب جدون

مظفرگڑھ (طارق عزیز) مظفرگڑھ میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کامیاب کارروائی، ملاوٹی دودھ سے لدی گاڑی پکڑلی، 1750 لیٹر ملاوٹی دودھ تلف، ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی شعیب جدون کے مطابق مظفرگڑھ کے علاقے لنڈی پتافی میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے ملاوٹی دودھ سے لدی گاڑی پکڑ لی، جدید لیکٹوسکین مشین کے (بقیہ نمبر 13)

لاہور: خواتین سکوٹی پر اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہیں

آسمانی بجلی گرنے سے 2 افراد جاں بحق

کوئٹہ (نامہ نگار) بلوچستان کے علاقے تمبو میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ موسلا دھار بارش ہوئی جبکہ آسمانی بجلی گرنے سے 2 افراد جاں بحق ہوگئے۔ رپورٹس کے مطابق آسمانی بجلی گرنے کے واقعات بلوچستان کے ضلع کوہلو کی سب تحصیل تمبو کے مختلف مقامات پر پیش آئے جس میں 2 افراد جاں بحق اور 6 زخمی ہوگئے۔ لیویز حکام کا کہنا ہے کہ زخمیوں میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں

دو غیر ملکی خواتین کوہ پیماؤں نے نانگا پربت سر کرلیا

اسلام آباد (بیورو چیف) ناروے کی کرسٹن ہریلا اور تائیوان کی گریس سینگ نامی خواتین کوہ پیماؤں نے نانگا پربت سر کرلیا۔ کرسٹن ہریلا نے اس سیزن کی ساتویں 8 ہزار میٹر سے بلند چوٹی سر کی ہے۔ کرسٹن چھ ماہ سے کم وقت میں تمام 14 بلند ترین چوٹی سر کرنے کا ریکارڈ توڑنا چاہتی ہیں نیپال کے پانچ شیرپا نے بھی دونوں خواتین کوہ پیماؤں کے ہمراہ بطور ٹیم پاکستان میں ماؤنٹینئرنگ سیزن کی پہلی بڑی سمٹ مکمل کی۔

مظفرگڑھ، آئل ٹینکر کیساتھ تصادم میں آسٹریلوی سیاح شدید زخمی

پولیس ذرائع کیمطابق آسٹریلوی سیاح بائیک چلانے کیساتھ وڈیو بھی بنارہا تھا

مظفرگڑھ (طارق عزیز) مظفرگڑھ میں آئل ٹینکر کے ساتھ تصادم میں آسٹریلوی سیاح شدید زخمی، ریسکیو کنٹرول روم مظفرگڑھ کے مطابق ملتان سے کوئٹہ جانے والا بیانکو پال نکولس نامی موٹر سائیکل سوار آسٹریلوی سیاح مظفرگڑھ کی تحصیل کوٹ ادو میں ہیڈ ولوالا کے قریب سڑک کنارے کھڑے ہوئے آئل ٹینکر سے ٹکرا کر شدید زخمی ہوگیا، پولیس ذرائع کے مطابق آسٹریلوی سیاح بائیک چلانے کے ساتھ وڈیو بھی بنا رہا تھا، اطلاع ملنے پر ریسکیو کنٹرول روم مظفرگڑھ نے فوری طور پر کوٹ ادو ریسکیو اسٹیشن سے ایمبولینس کو (بقیہ نمبر 14)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں

06 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 06 ملزمان گرفتار کرکے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم وقار کو گرفتار کرکے ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کیا، واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم سہیل کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 پستول 09 ایم ایم معہ ایمونیشن برآمد ہوا، مندرہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم صفدر کو گرفتار کرکے ملزم سے رائفل 12 بور برآمد کی،

بلوچستان کا جو حق ہے وہ اسے ملنا چاہئے، شازیہ مری

بلوچستان کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کا اب ازالہ ہونا ضروری ہے

کوئٹہ (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت اور سماجی تحفظ شازیہ مری نے کہا ہے کہ جو بلوچستان کا حق ہے وہ اسے ملنا چاہئے بلوچستان کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کا اب ازالہ ہونا ضروری ہے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ کے مقامی ہوٹل میں پاکستان پاورٹی ایلی ویشن فنڈ کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کی۔ بلوچستان میں بسنے والے لوگوں کے احساس محرومی کو ختم کرنے کیلئے بھرپور کاوشیں کی جارہی ہیں آج میرا کوئٹہ کا دورہ اس سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ بلوچستان اپنے محل وقوع کی وجہ سے بہت اہمیت کا حامل خطہ ہے جسکی وجہ سے بہت سی سازشیں بھی یہاں پر ہوئیں اور حالات خراب کرنیکی کوششیں بھی کی گئیں۔

لاہور: ایوای ٹی کی ملحقہ گرین بیلٹ میں پابندی کے باوجود بھینسیں بیٹھی ہیں

ایاز امیر پر حملہ حکومت اور ضلعی انتظامیہ کیلئے چیلنج ہے، سینیٹر عرفان صدیقی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان صدیقی نے معروف صحافی ایاز امیر پر حملے کو نہایت افسوسناک قرار دیتے ہوئے اس کی مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ صحافیوں پر حملوں، انہیں ہراساں کرنے، (بقیہ نمبر 16)

پی ٹی آئی کی ریلی کے راستے میں عمران خان کیخلاف بینرز آویزاں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی ریلی کے راستے میں عمران خان کے خلاف بیانات پر مبنی بینرز آویزاں کردیئے گئے۔ بینرز پر سابق وزیراعظم عمران خان کے دور حکومت میں ہونے والی کرپشن کے الزامات لکھے گئے ہیں، رنگ روڈ پر (بقیہ نمبر 15)

شہری حدود میں مویشی لانے پر پابندی عائد ہے

خلاف ورزی پر جانور ضبط کرلئے جائینگے، ڈپٹی کمشنر سرگودھا

سرگودھا (منظور حسین بخاری) ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ مویشی منڈیوں میں صفائی ستھرائی کو برقرار رکھنے اور ماحولیاتی تحفظ کے لئے قربانی کے جانوروں کو شہری حدود میں لانے پر پابندی عائد ہے جس میں خلاف ورزی کی صورت میں بیوپاریوں کے جانور ضبط کرلئے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا میں عید الاضحیٰ کے حوالہ سے منعقدہ اجلاس (بقیہ نمبر 17)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

جنرل ندیم رضا کی ایرانی صدر و عسکری قیادت سے ملاقاتیں

علاقائی سیکورٹی اور اسٹریٹجک امور پر تفصیلی بات چیت، سیکورٹی اور دفاعی تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق

دونوں جانب سے قرار دیا گیا کہ مشترکہ سرحدیں ''امن اور دوستی کی سرحدیں'' ہونی چاہئیں

راولپنڈی/تہران (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین جوائنٹ چیف آف اسٹاف کمیٹی جنرل ندیم رضا نے ایرانی صدر و عسکری قیادت سے ملاقاتیں کیں جس میں علاقائی سیکورٹی اور اسٹریٹجک امور پر تفصیلی بات چیت، سیکورٹی اور دفاعی تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ندیم رضا نے ایران کے دورے کے (بقیہ نمبر 18)

سی ویو پر اسکرین لگانے کا معاملہ، علی زیدی اور پولیس میں تلخ کلامی

تلخ کلامی کرنیوالا اہلکار نشے میں ہے جسکو چیک کرایا جائے، سابق وفاقی وزیر

کراچی (این این آئی) سی ویو پر بڑی اسکرین لگانے سے روکنے پر پی ٹی آئی رہنما علی زیدی اور پولیس میں تلخ کلامی ہوئی ہے جب کہ حالات کشیدہ ہونے پر مزید نفری کو طلب کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق عمران خان کے خطاب کو براہ راست کراچی (بقیہ نمبر 19)

دعا کی رپورٹ پیر کو عدالت میں پیش کرینگے، سربراہ میڈیکل ٹیم

ڈاؤ ڈینٹل کالج میں دعا زہرا کے دانتوں کا ٹیسٹ مکمل کرکے اسے دوبارہ سرورز اسپتال پہنچایا گیا

کراچی (این این آئی) کراچی میں دعا زہرا کا میڈیکل کرنے والی ٹیم کی سربراہ ڈاکٹر صبا سہیل نے کہا ہے کہ عمر کے تعین کے لئے رپورٹ تیار کررہے ہیں جو پیر کو عدالت میں پیش کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سربراہ ڈاکٹر صبا سہیل نے کہا کہ عدالت (بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی: کمشنر نور الامین مینگل راولپنڈی میڈیکل کالج میں انسداد ڈینگی سیمینار کے اختتام پر آگاہی واک کی قیادت کررہے ہیں

اس سال 10 لاکھ مسلمان فریضہ حج ادا کریں گے

مکہ مکرمہ (مانیٹرنگ ڈیسک) کورونا پابندیوں کے خاتمے کے بعد پہلی بار اس سال 10 لاکھ مسلمان فریضہ حج ادا کریں گے۔ اب تک 3 لاکھ 12 ہزار 982 عازمین حج حرمین پہنچ چکے ہیں۔ اس سال بیرون ملک سے بھی عازمین کو آنے کی اجازت دی گئی ہے۔ کورونا وبا کے دوران دو سال کے بعد یہ پہلا موقع ہے جب بیرون ملک سے بھی حاجیوں کو آنیکی اجازت دی گئی ہے۔

شرجیل انعام میمن کا سینئر صحافی امتیاز خان فاران سے اظہار تعزیت

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن نے سینئر صحافی اور کراچی پریس کلب کے سابق صدر امتیاز خان فاران کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صوبائی وزیر نے امتیاز خان فاران سمیت غمزدہ خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ رب العالمین مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

طارق ولایت کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں تیز

ڈسٹرکٹ پولیس مظفرگڑھ نے منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے گزشتہ 24 گھنٹوں میں 260 گرام چرس، 120 لٹر شراب اور بوتل

ولایتی شراب، 4 عدد پسٹل اور ماوزر برآمد کرکے مقدمات درج کرلیے، مزید مجرمان اشتہاری کو فرار کروانے والے 3 اور 07 اشتہاری مجرمان گرفتار

کوہاٹ: برطانوی سکھ فوجیوں کے 12 رکنی فوجی وفد کا قیام پاکستان کے بعد قبائلی ضلع اورکزئی اور ضلع ہنگو کے سنگم پر واقع بلند ترین تفریحی مقام سمانہ کی حدود میں سرہ گڑھی کے دورہ کے موقع پر گروپ فوٹو

مظفرگڑھ (طارق عزیز) تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مظفرگڑھ کیپٹن ریٹائرڈ طارق ولایت کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے مظفرگڑھ پولیس نے 24 گھنٹوں کے دوران منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مختلف تھانہ جات سے 260 گرام چرس اور 120 لٹر دیسی شراب اور 10 بوتل ولایتی شراب برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے۔ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 24)

ایس پی سیکورٹی کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے احکامات جاری کئے

مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، ایس پی سیکورٹی فیصل سلیم نے شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے حل کیلئے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او آفس راولپنڈی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، ایس پی سیکورٹی (بقیہ نمبر 21)

کورونا وائرس سے عوام کو تحفظ دینے کیلئے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنارہے ہیں عبدالقادر پٹیل

اسلام آباد (اے ایف بی) وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے کہا ہے کہ کورونا وائرس سے عوام کو تحفظ دینے کیلئے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنارہے ہیں۔ عبدالقادر پٹیل نے ایک بیان میں کہا کہ عوام کو کورونا وائرس (بقیہ نمبر 25)

راولپنڈی، 2 منشیات فروش ملزمان گرفتار، چرس برآمد

ملزم سے 01 کلو 800 گرام چرس برآمد ہوئی، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (این این آئی) راول ڈویژن پولیس نے 2 منشیات فروش ملزمان کو گرفتار کرکے ساڑھے 03 کلو کے قریب چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش بلال کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 کلو 800 گرام چرس برآمد ہوئی، جبکہ بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم علی کو (بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی، 13 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صدر بیرونی پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے 13 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی پولیس کو متاثرہ لڑکے کے بھائی نے درخواست دی کہ حفیظ نے اس (بقیہ نمبر 26)

لاہور: شہری قربانی کے جانوروں کے لئے سجاوٹ کا سامان خرید رہے ہیں

سندھ بلدیاتی انتخابات کا دوسرا مرحلہ ملتوی کرنے کیلئے ایم کیو ایم کا الیکشن کمیشن کو خط

اسلام آباد (این این آئی) سندھ میں بلدیاتی انتخابات کا دوسرا مرحلہ ملتوی کرنے کیلئے ایم کیو ایم نے الیکشن کمیشن کو خط لکھ دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بلدیاتی انتخابات سے متعلق متحدہ قومی موومنٹ نے (بقیہ نمبر 27)

مراعات یافتہ طبقے سے ترجیحی سلوک قابل مذمت ہے، پاکستان اکانومی واچ

پاکستان میں امیر اور غریب کے مابین بڑھتی ہوئی خلیج کی ساری ذمہ داری طاقتور اشرافیہ پر عائد ہوتی ہے

آزادی کے پچھتر سال گزر جانے کے باوجود حکمران محروم طبقات کو ان کا معیار زندگی بہتر بنانے کے مساوی مواقع فراہم نہیں کرسکے

کراچی (این این آئی) پاکستان اکانومی واچ کے صدر ڈاکٹر مرتضیٰ مغل نے کہا ہے کہ ملکی نظام مراعات یافتہ طبقہ سے ترجیحی سلوک کر رہا ہے، جس کی قیمت عوام ادا کرتی ہے اور ملک میں غربت بڑھ جاتی ہے۔ پاکستان میں امیر اور غریب کے مابین بڑھتی ہوئی خلیج کی ساری ذمہ داری طاقتور اشرافیہ پر عائد ہوتی ہے جسے تکیل نہ ڈالی گئی تو آج نہیں تو کل ملک دیوالیہ ہو جائے گا۔ ڈاکٹر مرتضیٰ مغل نے یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا کہ آزادی کے پچھتر سال گزر جانے کے باوجود حکمران محروم طبقات کو ان کا معیار زندگی بہتر بنانے کے مساوی مواقع فراہم نہیں کر سکے ہیں بلکہ ان پر دباؤ مسلسل بڑھایا جا رہا ہے جس سے ملکی معیشت اور معاشرے میں کی حالت بگڑ گئی ہے۔

پولیس قیام امن کیلئے ہمہ وقت متحرک اور الرٹ ہے، عمران محمود

میڈیا اور پولیس کے باہمی تعاون سے معاشرے میں امن کو فروغ دیا جاسکتا ہے

سرگودھا (ظہور حسین بخاری) ریجنل پولیس آفیسر عمران محمود نے کہا کہ میڈیا اور پولیس کے باہمی تعاون سے معاشرے میں امن کو فروغ دیا جاسکتا ہے جبکہ پولیس امن عامہ کے قیام کے لئے ہمہ وقت متحرک اور الرٹ ہے۔ ذرائع کے مطابق آر پی او سرگودھا عمران محمود نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خوش اخلاقی کو فروغ دیں، رویوں میں بہتری (بقیہ نمبر 23)

فیصل آباد: ڈپٹی کمشنر لیفٹیننٹ (ر) سہیل اشرف ریونیو عوامی خدمت کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کررہے ہیں

سرگودھا، داماد نے جائیداد کے تنازعہ پر فائرنگ کرکے بیوہ ساس کو موت کے گھاٹ اتار دیا

سرگودھا (این این آئی) داماد نے جائیداد کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے بیوہ ساس کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور فرار ہوگیا۔ پولیس مقتولہ کی نعش تحویل لیکر پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کر کے مقدمہ قتل میں مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا لالہ موسی ریلوے لائن کے قصبہ ملکوال کے گاں نوریانہ بوسال میں بیوہ خاتون مسرت بی بی کی اکلوتی بیٹی کی شادی چند سال قبل نوجوان غلام عباس سے ہوئی تھی جو داماد نے بیوہ ساس سے جائیداد اپنے نام کروانے میں اصرار کیا تو ساس کے انکار پر گزشتہ روز نوجوان داماد غلام عباس نے بھینس (بقیہ نمبر 28)

آصف زرداری سے سیاسی رہنماؤں سمیت دیگر شخصیات کی ملاقات

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی پارلیمنٹیرینز کے صدر آصف علی زرداری سے پاکستان مسلم لیگ (ق) کے صدر چوہدری شجاعت حسین سمیت دیگر سیاسی رہنماؤں اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات نے ملاقات کر کے والدہ کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ آصف زرداری سے وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین، چوہدری شافع حسین اور وفاقی وزیر طارق بشیر چیمہ نے بھی تعزیت کی۔ پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کے صدر ذکا اشرف، بزنس مین ملک ریاض، صحافی سہیل وڑائچ (بقیہ نمبر 29)

راولپنڈی، 12 سالہ بچے سے نازیبا حرکات کرنیوالا ملزم گرفتار

ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی

راولپنڈی (این این آئی) صدر بیرونی پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے 12 سالہ بچے سے نازیبا حرکات کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی پولیس کو متاثرہ بچے کے والد نے درخواست دی کہ بچے کے ٹیوٹر زوہیب نے اس کے 12 سالہ بچے سے نازیبا حرکات کیں، صدر بیرونی پولیس نے فوری طور پر مقدمہ درج کرکے ملزم زوہیب کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی صدر احمد زنیر چیمہ نے کہا ہے کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔